Email- info@awamilalkaar.com
MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم
جلد 17 — بدھ ، 24 جون 2026ء ، 8 محرم الحرام 1448ھ ، قیمت 20 روپے — شمارہ 72

ٹیکس وصولی کیلئے بڑے فوڈ چینز کی مانیٹرنگ کا فیصلہ

ٹیکس چوری پر نو ٹالرنس، کیمرے کی آنکھ بھی دیکھے گی اور ڈیجیٹل سسٹم بھی پکڑے گا جب کہ جعلی رسیدیں دینے اور سیلز چھپانے والوں کے خلاف سخت کارروائی ہوگی

شادی ہالز اور فوڈ چینز سے فارم ہاؤسز تک ہر ٹرانزیکشن کا حساب ہوگا، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیرصدارت ریونیو سے متعلق اجلاس میں فیصلہ

وزیراطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری فیصل آباد ڈویژن کی امن کمیٹی کے ارکان سے ملاقات کررہی ہیں

لاہور(اے ایف پی) پنجاب حکومت نے شادی ہالز، مارکیز، فارم ہاؤسز اور بڑے فوڈ چینز کی مانیٹرنگ کیلئے کیمرے لگانے کا فیصلہ کیا ہے۔وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیرصدارت پنجاب ریونیو سے متعلق اجلاس ہوا جس میں شادی ہالز، مارکیز، فارم ہاسز اور بڑے فوڈ چینز کی مانیٹرنگ کے لئے کیمرے لگانے کا فیصلہ کیا گیا۔ شادی ہالز اور فوڈ چینز سے فارم ہاؤسز تک ہر ٹرانزیکشن کا (بقیہ نمبر 12)

قومی اسمبلی میں بجٹ کی مرحلہ وار منظوری کا عمل شروع

وزیرخزانہ نے عالیہ کامران کی فنانس بل میں ترامیم کی مخالفت کردی

یہ بجٹ بند کمروں میں بیٹھ کر بنایا گیا ہے اس میں عوام کی رائے شامل نہیں، عالیہ کامران

اسلام آباد(اے ایف پی) آئندہ مالی سال کیلئے فنانس بل کا حتمی مسودہ قومی اسمبلی میں پیش کردیا گیا۔ وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے فنانس بل 2026 منظوری کے لئے پیش کردیا، فنانس بل 2026 کی مرحلہ وار منظوری کا عمل شروع ہوگیا ۔وزیر خزانہ نے (بقیہ نمبر 13)

سی سی ڈی سے مبینہ مقابلہ، فائرنگ کے تبادلے میں 2 ڈاکو ہلاک، 3 فرار

ہلاک ملزمان ریکارڈ یافتہ، متعدد مقدمات میں مطلوب، دوران ڈکیتی ایک شہری کو قتل بھی کیا تھا

لاہور (این این آئی) کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ (سی سی ڈی) کے ساتھ مبینہ مقابلے میں 2 ڈاکو ہلاک جبکہ تین ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔سی سی ڈی حکام کا کہنا ہے کہ ڈاکو شہریوں سے لوٹ مار میں مصروف (بقیہ نمبر 16)

ٹوکن نادہندگان کیلئے کارروائی، 8 لاکھ گاڑیاں سسٹم میں بلاک

ٹوکن ٹیکس کی مکمل ادائیگی تک کسی بھی نادہندہ گاڑی کو سسٹم میں ان بلاک نہیں کیا جائے گا' ایکسائز حکام

لاہور (این این آئی) محکمہ ایکسائز نے ٹوکن نادہندگان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ساڑھے 8 لاکھ گاڑیاں سسٹم میں بلاک کرکے رجسٹریشن معطل کردی۔ایکسائز حکام کے مطابق مالی سال کے آخری 7 روز میں ٹیکس (بقیہ نمبر 15)

خیرپور کے سہتو ون کنوئیں سے گیس کی پیداوار شروع

کنوئیں سے یومیہ 60 لاکھ مکعب فٹ قدرتی گیس حاصل ہورہی جو ملکی توانائی کے شعبے کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے، کمپنی

کراچی (این این آئی) او جی ڈی سی ایل نے پاکستان سٹاک ایکسچینج کو ارسال کیے گئے خط میں سندھ کے ضلع خیرپور میں واقع سہتو ون کنوئیں سے قدرتی گیس کی پیداوار شروع ہونے کا اعلان کردیا۔ کمپنی کے مطابق سہتو ون (بقیہ نمبر 14)

راولپنڈی: صدر پاکستان آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان کا نور خان ایئربیس پر استقبال کر رہے ہیں

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ایرانی صدر کی ملاقات، علاقائی استحکام کیلئے پاکستان کے کردار کو سراہا

پاکستان اور ایران کا تعلقات مزید مضبوط بنانے کا عزم

ملاقات میں صدر آصف علی زرداری نے پاکستان کی جانب سے ایران کی خودمختاری اور علاقائی سلمیت کی حمایت کا اعادہ کیا اور پائیدار امن کیلئے مذاکرات اور سفارتکاری کی اہمیت پر زور دیا

صدر زرداری نے اسلام آباد میں طے پانے والی مفاہمتی یادداشت کا خیرمقدم کرتے ہوئے مستقل امن کی امید ظاہر کی، سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار بھی کیا

اسلام آباد (این ای این) صدر آصف علی زرداری اور ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان کے درمیان ایوانِ صدر میں ملاقات ہوئی جس میں دونوں ممالک نے دوطرفہ تعلقات اور خطے میں امن و استحکام کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا۔ ملاقات میں صدر آصف علی زرداری نے پاکستان کی جانب سے ایران کی خودمختاری اور علاقائی سلمیت کی حمایت کا اعادہ کیا اور خطے میں پائیدار امن کیلئے (بقیہ نمبر 57)

راولپنڈی: (این ای این) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے ملاقات کی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق ملاقات کے دوران فیلڈ مارشل اور ڈاکٹر مسعود پزشکیان نے علاقائی صورتحال، امن (بقیہ نمبر 22)

طارق طافو کا انتقال، موسیقی کی دنیا عظیم فنکار سے محروم ہوگئی' عظمیٰ بخاری

''لہور لہور ہے'' سے عالمی شہرت پانے والے طارق طافو ہمیشہ یاد رکھے جائیں گے

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے نامور موسیقار، گلوکار اور موسیقی کے استاد طارق طافو کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں عظمیٰ بخاری نے کہا کہ طارق طافو موسیقی کی دنیا کا ایک بڑا نام تھے (بقیہ نمبر 17)

اٹک، برساتی نالے میں نہاتے 2 بچے ڈوب گئے

اٹک (آئی آئی پی) برساتی نالے میں نہاتے ہوئے 2 بچے ڈوب گئے۔اٹک کے علاقے فتح جنگ کے گاں پنڈ جنگل میں برساتی نالے میں نہاتے ہوئے 2 بچے (بقیہ نمبر 18)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

خفیہ ڈیل نہیں ہوئی سب معاہدے میں شامل ہے، اسحاق ڈار

پاکستان کا کوئی ذاتی مفاد نہیں، جو کچھ ہے وہ تحریری طور پر اسلام آباد معاہدے کے اندر موجود ہے

خالصتاً امتِ مسلمہ اور عالمی امن کے لیے ثالثی کا مخلصانہ کردار ادا کیا، نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ اسحاق ڈار

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیرِ اعظم و وزیرِ خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ یہ تاثر غلط ہے کہ پس پردہ کوئی خفیہ ڈیل ہوئی، جو کچھ ہے وہ تحریری طور پر اسلام آباد معاہدے کے اندر موجود ہے، پاکستان کا اس معاملے میں کوئی ذاتی مفاد نہیں تھا، خالصتاً امتِ مسلمہ اور عالمی امن کے لیے ثالثی کا مخلصانہ کردار ادا کیا۔عرب میڈیا کو انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ 28 فروری کو اسرائیل نے ایران پر (بقیہ نمبر 28)

قومی اسمبلی نے مالیاتی بل 2026-27 کی منظوری دیدی

ایوان نے مالیاتی بل پر حکومت کی جانب سے ترامیم کی منظوری دیتے ہوئے اپوزیشن کی جانب سے کٹوتی کی تحاریک مسترد کردیں

پٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی کی حد 50 روپے رکھی جائے، کاربن لیوی کی شرح ڈھائی روپے رکھی جائے، ٹیلی فون کارڈز پر کٹوتی کی شرح کم کی جائے

اسلام آباد(این این آئی) قومی اسمبلی نے مالیاتی بل 2026-27 کی منظوری دیدی جبکہ ایوان نے مالیاتی بل پر حکومت کی جانب سے ترامیم کی منظوری دیتے ہوئے اپوزیشن کی جانب سے کٹوتی کی تحاریک مسترد کردیں ۔منگل کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں وفاقی وزیرخزانہ محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے مالیاتی بل 2026-27 قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ محصولات کی رپورٹ (بقیہ نمبر 19)

اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پیزشکیان وزیراعظم ہاؤس میں گارڈ آف آنر کا معائنہ کررہے ہیں

حج 2027 کی آن لائن رجسٹریشن، 20 ہزار سے زائد درخواستیں موصول

اسلام آباد(اے ایف پی) حج 2027 کے لئے آن لائن رجسٹریشن کے باقاعدہ آغاز کے بعد ابتدائی 24 گھنٹوں کے دوران 20 ہزار 124 افراد نے اپنی رجسٹریشن مکمل کرلی۔ وزارت مذہبی امور کے حکام کے مطابق آن لائن پورٹل پر رجسٹریشن کے آغاز کے بعد پہلے 24 گھنٹوں میں (بقیہ نمبر 20)

امن و رواداری کے فروغ کیلئے تمام مکاتب فکر کا کردار قابلِ ستائش ہے، عظمیٰ بخاری

بھائی چارے، برداشت اور مذہبی ہم آہنگی کی فضا کو قائم رکھنا تمام مکاتبِ فکر کے علماء، مشائخ اور اکابرین کی مشترکہ ذمہ داری ہے

عاشورہ کے جلوسوں اور نمازِ جمعہ کے پرامن انعقاد کے لیے مکمل ہم آہنگی یقینی بنائی جائے گی' وزیراطلاعات پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے فیصل آباد ڈویژن کے دورے کے دوران ڈویژنل امن کمیٹی کے ارکان سے ملاقات کی اور محرم الحرام کے دوران امن و امان، بین المسالک ہم آہنگی اور بھائی چارے کے فروغ کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ملاقات میں امن کمیٹی کے ارکان صاحبزادہ زاہد محمود قاسمی، حافظ محمد امجد، علامہ طاہر الحسن، حافظ مقبول احمد، یاسین ظفر، جعفر نقوی، محمد اسلم بھلی، شاہد رزاق، عاشق حسین رضوی، محمد فاروق، سید محمد رضا شاہ، امیرالدین رضوی، مفتی عبدالمعید، ممتاز گوندل (بقیہ نمبر 11)

غیرقانونی گردہ ٹرانسپلانٹ کیس میں ڈاکٹر سمیت 4 ملزمان گرفتار

ایسے جرائم میں ملوث کسی فرد کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی

قصور(اے ایف پی) پنجاب کے ضلع قصور کی ہسپتال میں ایک لڑکی کے گردے کی غیر قانونی پیوندکاری کے معاملے میں پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی (بقیہ نمبر 29)

صوبائی وزیر ووائس چیئرپرسن اوورسیز پاکستانی کمیشن پنجاب بیرسٹر امجد ملک اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

انڈس واٹرز ٹریٹی کے مستقبل پر سی اے ایس ایس کا مباحثہ، قانونی و علاقائی چیلنجز پر غور

معاہدے کا قانونی اسٹیٹس، تنازعات کے حل کے طریقہ کار، اس کی جدید خطوط پر اصلاح اور ممکنہ عدم تعمیل جیسے امور اس وقت خصوصی توجہ کے متقاضی ہیں

ایگزیکٹو ڈائریکٹر جمال عزیز نے اپریل 2025 میں بھارت کے اس فیصلے کے قانونی اور تزویراتی مضمرات کا تفصیلی جائزہ پیش کیا

بھارت انڈس واٹرز ٹریٹی کو سیاسی مقاصد کیلئے استعمال کرکے خطے کے استحکام کے ایک اہم فریم ورک کو متاثر کررہا ہے، ایئر مارشل جاوید احمد (ریٹائرڈ)

سیکرٹری اچیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ مزار حضرت موسیٰ پاک شہید پر جاری ترقیاتی کام کا معائنہ کررہے ہیں

اے این ایف کی 5 کارروائیاں، 5 ملزمان گرفتار، منشیات برآمد

راولپنڈی (اے ایف پی) انسدادِ منشیات فورس (اے این ایف) نے ملک کے مختلف شہروں میں کارروائیاں کرتے ہوئے 220.720 کلوگرام منشیات برآمد کر کے 5 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ترجمان اے این ایف کے مطابق کارروائیاں پشاور، کراچی، راولپنڈی اور مکران کے مختلف علاقوں میں کی گئیں، ان کارروائیوں کے دوران (بقیہ نمبر 23)

کراچی میں گیسٹرو اور اسہال کے کیسز میں اضافہ

سول ہسپتال میں پیٹ کے امراض اور ڈائریا کے 200 سے زائد مریض روز آرہے ہیں

کراچی (اے ایف پی) کراچی میں گیسٹرو اور اسہال کے کیسز میں اضافہ ہوگیا، ہسپتالوں کے شعبہ ایمرجنسی میں گیسٹرو اور اسہال کے مریضوں کا رش لگا ہوا ہے، سول اسپتال میں پیٹ کے امراض اور ڈائریا کے 200 سے زائد مریض روز آرہے ہیں (بقیہ نمبر 30)

سینٹر فار ایرواسپیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز (CASS) میں منعقدہ ''انڈس واٹرز ٹریٹی کا مستقبل'' کے عنوان سے ایک خصوصی ''کیٹالسٹ کنورسیشن'' کے موقع پر مقررین کا گروپ فوٹو

اسلام آباد(این ای این) سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز (CASS) نے 22 جون 2026 کو ''انڈس واٹرز ٹریٹی کا مستقبل'' کے عنوان سے ایک خصوصی ''کیٹالسٹ کنورسیشن'' کا انعقاد کیا، جس میں معاہدے کو درپیش ابھرتے ہوئے چیلنجز اور ان کے بین الاقوامی قانون، علاقائی استحکام اور آبی سلامتی پر اثرات کا جائزہ لیا گیا۔سی اے ایس ایس ایک خودمختار تھنک ٹینک کے طور پر قومی و بین الاقوامی سطح پر اس نوعیت کے مباحثوں کا انعقاد کرتا رہتا ہے تاکہ اسٹریٹجک اہمیت کے حامل امور پر بامعنی اور مؤثر مکالمے کو فروغ دیا جاسکے۔تقریب کی نظامت سی اے ایس ایس کے (بقیہ نمبر 9)

سیکرٹری اوقاف پنجاب کا ملتان دورہ، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل پر زور

ڈاکٹر احسان بھٹہ نے مزارات، دفاتر اور میوزیم کا معائنہ کیا 15 جولائی کی ڈیڈلائن مقرر

لاہور (این این آئی) سیکرٹری اچیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے کہا ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل محکمہ کی اولین ترجیح ہے، اس لیے تمام متعلقہ شعبے اپنے مقررہ ہدف کے فریم ورک کو پورا کرنے کے لیے بھرپور توجہ مرکوز کریں۔ ان (بقیہ نمبر 24)

وفاقی آئینی عدالت اور الیکشن کمیشن میں سماعتیں ملتوی

ایرانی صدر کے دورہ پاکستان کے حوالے سے ریڈ زون میں سکیورٹی کے سخت انتظامات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں سکیورٹی اور راستوں کی بندش کے باعث وفاقی آئینی عدالت میں سماعتیں منسوخ کردی گئیں۔ایرانی صدر مسعود پزشکیان کے دورہ پاکستان کے حوالے سے ریڈ زون میں سکیورٹی کے سخت (بقیہ نمبر 25)

ایرانی صدر کا پاکستان پہنچنے پر تپاک استقبال، پاک فضائیہ کے طیاروں کی سلامی

صدر، وزیراعظم، وزیرخارجہ ، وزیرداخلہ، بلاول بھٹو زرداری، خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری کی جانب سے پرتپاک خیر مقدم

ایرانی صدر کی آمد سے قبل ایرانی وزیرِ خارجہ عباس عراقچی نے صدر زرداری اور وزیرِ اعظم شہباز شریف سے ملاقات کی

اسلام آباد(این این آئی) ایران کے صدر مسعود پزشکیان ایک روزہ دورے پر پاکستان پہنچنے پر ترپاک استقبال کیا گیا، صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف، وزیر خارجہ اسحٰق ڈار، وزیر داخلہ محسن نقوی، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری، خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری نے پرتپاک خیر مقدم کیا، ایران کے صدر مسعود پزشکیان کو پاک فضائیہ کے طیاروں نے سلامی دی اور روایتی (بقیہ نمبر 31)

بجٹ میں فائلرز نان فائلرز سے متعلق قوانین مزید سخت

ایف بی آر کے نوٹس کی پہلی خلاف ورزی پر 10 لاکھ روپے جرمانہ

اسلام آباد(اے ایف پی) آئندہ مالی سال کے فنانس بل میں فائلرز اور نان فائلرز سے متعلق قوانین مزید سخت کیے جائیں گے، اور ایف بی آر کے نوٹس پر عمل نہ کرنے والے فائلر اور نان فائلرز پر بھاری جرمانے عائد ہوں گے۔میڈیا رپورٹ کے مطابق فنانس بل میں کہا گیا ہے کہ ایف بی آر کے نوٹس کی پہلی خلاف ورزی پر 10 (بقیہ نمبر 21)

اسلام آباد، میٹرو بس سروس مکمل بند رہی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں میٹرو بس سروس مکمل بند رہی، میٹرو بس حکام نے صبح 6 بجے تا شام 7 تک راولپنڈی میں سروس بحال رہنے کا بتایا۔میٹرو بس حکام کے مطابق میٹرو بس سروس صدر اسٹیشن تا فیض آباد بحال رہی ۔آئی جے پی تا پاک سیکریٹریٹ میٹرو بس سروس بند رہی۔

فورسز نے دہشت گردی کا منصوبہ ناکام بنا دیا

آپریشن کے دوران گاڑی سے 4 راکٹ فیوز اور متعدد آئی ای ڈیز برآمد

کوئٹہ (اے ایف پی) بلوچستان کے ضلع پنجگور میں سکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کر کے دہشتگردی کی منصوبہ بندی ناکام بنا دی۔سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز نے پنجگور کے علاقہ جیرک میں خفیہ اطلاعات پر آپریشن کرتے ہوئے بھاری مقدار میں اسلحہ اور مواصلاتی مواد برآمد کر لیا، آپریشن کے دوران گاڑی سے (بقیہ نمبر 32)

سرگودھا: شوہر نے 2 کزنز کیساتھ ملکر بیوی کو زہر دیدیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں شوہر نے اپنے 2 کزنز کے ساتھ مل کر اپنی بیوی کو زہر دے کر قتل کردیا۔پولیس کے مطابق ملزمان موقع سے فرار ہو گئے۔پولیس نے خاتون کی لاش پوسٹ مارٹم کے لیے (بقیہ نمبر 33)

اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پیزشکیان وزیراعظم ہاؤس کے لان میں پودا لگا رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر سرگودھا کا واسا افسران کو عوامی مسائل حل کرنے کا حکم

یونین کونسل اور محلہ کی سطح پر کھلی کچہریاں لگانے کی ہدایت، واسا کے تمام اثاثہ جات کی جیو ٹیگنگ، ریونیو میں اضافے کا پلان طلب

غیر قانونی کنکشنز کو قانونی بنانے اور بلوں کی ریکوری تیز کرنے کی ہدایت، واٹر سپلائی و سیوریج بلوں کی وصولی کے لیے خصوصی مہم جاری ہے

سرگودھا (طارق قاسمی سے) ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری نے واسا افسران کو اپنی کارکردگی مزید بہتر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایس ڈی او سے لے کر منیجنگ ڈائریکٹر تک تمام افسران فیلڈ میں نکلیں، شہریوں کے مسائل ان کی دہلیز پر جا کر حل کریں، یونین کونسل اور محلے کی سطح پر کھلی کچہریوں کا انعقاد یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی جانب سے شکایات کے ازالے میں کسی قسم کی (بقیہ نمبر 10)

پنجاب حکومت کا نویں اور دسویں محرم پر عام تعطیل کا اعلان

تمام سرکاری دفاتر، ادارے اور دیگر سرکاری سرگرمیاں بند رہیں گی

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب نے نویں اور دسویں محرم الحرام کے موقع پر صوبے بھر میں عام تعطیل کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق جمعرات اور جمعہ کو پنجاب بھر میں سرکاری تعطیل ہوگی، جس کے باعث تمام سرکاری دفاتر، (بقیہ نمبر 26)

صوبہ بھر میں امن و امان کی صورتحال تسلی بخش ہے، خواجہ سلمان رفیق، بلال یاسین

محکمہ داخلہ میں کابینہ کمیٹی برائے امن و امان کا اجلاس، امن و امان کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ

صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی خواجہ سلمان رفیق اور کو چیئرمین بلال یاسین کی اجلاس میں شرکت

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ میں کابینہ کمیٹی برائے امن و امان کا 55 واں اجلاس منعقد ہوا جس میں صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی خواجہ سلمان رفیق اور کو چیئرمین بلال یاسین نے اجلاس میں شرکت کی۔ صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین نے وڈیولنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ وزیراعلیٰ پنجاب کے معاون خصوصی بلال احمد رانا نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے صوبہ بھر کے امن وامان کی تازہ صورتحال بارے بریفنگ دی۔کابینہ کمیٹی نے صوبہ بھر کے امن و امان کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔کابینہ کمیٹی نے ڈی جی خان ٹرائی (بقیہ نمبر 34)

سرگودھا، ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری واسا کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

مشیر نجکاری کی ترکیہ کے وزیر توانائی و قدرتی وسائل سے ملاقات

توانائی کے شعبے میں دوطرفہ تعاون کو مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے نجکاری محمد علی نے گزشتہ روز انقرہ میں توانائی اور قدرتی وسائل کی وزارت کے دورے کے دوران جمہوریہ ترکیہ کے وزیر برائے توانائی اور قدرتی وسائل کے ساتھ اہم ملاقات کی جس میں توانائی کے شعبے میں دوطرفہ تعاون کو مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ منگل کو وزارت نجکاری کی طرف سے (بقیہ نمبر 27)

لاہور: اسپیکر ملک محمد احمد خاں، بجٹ اجلاس میں شرکت کے لئے پنجاب اسمبلی آرہے ہیں

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

انسانی ترقی پر سرمایہ کاری

قومی اسمبلی میں وفاقی بجٹ 2026-27ء پر بحث کے دوران ارکانِ اسمبلی اور ماہرینِ معیشت نے زور دیا ہے کہ ملک میں پائیدار معاشی استحکام اور قومی ترقی کیلئے صحت' تعلیم' سماجی تحفظ اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے شعبوں کو ترجیح دی جائے۔ یہ مطالبہ زمینی حقائق اور مستقبل کے چیلنجز کا ناگزیر تقاضا ہے۔ بلاشبہ ترقی کا اصل پیمانہ صرف مالیاتی اشاریوں میں بہتری نہیں بلکہ یہ ہے کہ شہریوں کو معیاری تعلیم' معیاری علاج' روزگار کے مواقع اور محفوظ ماحول میسر ہو۔ انسانی وسائل ہی کسی معیشت کا سب سے قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں۔ بیمار' غیر تعلیم یافتہ اور غیر محفوظ آبادی کبھی بھی مضبوط معیشت کی بنیاد نہیں بن سکتی۔ اس لیے اگر آج صحت' تعلیم' ہنرمندی اور سماجی تحفظ پر خاطر خواہ سرمایہ کاری نہ کی گئی تو بڑھتی ہوئی آبادی قومی طاقت کے بجائے بڑے سماجی اور معاشی بوجھ میں تبدیل ہوسکتی ہے۔ موسمیاتی تبدیلی کا مسئلہ بھی فوری توجہ کا متقاضی ہے۔

حالیہ برسوں میں سیلاب' ہیٹ ویوز' خشک سالی اور غیر متوقع بارشیں جانی اور مالی نقصان کا باعث بن چکی ہیں جبکہ آنیوالے برسوں میں موسمیاتی بحران مزید سنگین ہونے کی پیشگوئیاں کی جا رہی ہیں۔ ایسے حالات میں موسمیاتی موافقت' آبی وسائل کے تحفظ' جدید زرعی نظام' قدرتی آفات سے بچاؤ اور ماحول دوست انفرااسٹرکچر پر سرمایہ کاری ناگزیر ہو چکی ہے۔ بصورت دیگر بڑھتی ہوئی آبادی' کمزور انسانی ترقی اور سنگین موسمیاتی خطرات مستقبل میں ایسے بحرانوں کو جنم دے سکتے ہیں جن سے نمٹنا کہیں زیادہ مشکل اور مہنگا ثابت ہوگا۔

واقعہ کربلا کے تاریخی اسباب اور شہدائے کربلا (ایک تحقیقی جائزہ)

ازقلم: سید ارشد علی نقوی
سلسلہ نمبر---7

کربلا اک ریگستان، لب دریا اک صحرا، اک وحشت زدہ ویرانہ۔ بس اک چشمِ زدن میں آباد ہوگیا اور ایسا آباد ہوا کہ اس کے سامنے ہر شہر ہی اجڑا ہوا سا لگتا ہے

بس اس صحرائے وحشت کے قریب دو قافلے ملے اک کوفہ جا رہا تھا اور اک کوفہ سے آ رہا تھا۔ کوفہ سے آنے والا جانے والوں کو روک رہا تھا اور پھر جانے والے رک گئے اور کربلا کو ڈھونڈ کر وہاں ڈیرے ڈال دیئے، یوں قاب قوسین کے وارث نے تمام جہانوں کی بلندیاں کربلا کے دامن میں ڈال دیں۔

کربلا کسی سطحی ذہن میں کیسے سمائے کہ یہاں جنت کے سردار کی راہ روکنے والا بھی آخر کار اسی سردار کے قدموں میں جان نچھاور کر کے جنت سدھار رہا ہے۔ یہ حر بن یزید ریاحی ہے۔

حر بن یزید ریاحی کربلا کا آزاد کردار جس نے حسین ابن علی علیہ السلام سے آزادی خرید لی۔ تہذیب کربلا کو سمجھنے کے لیے کربلا کی اس انقلابی شخصیت کا مطالعہ بہت ضروری ہے

دنیائے عرب میں تعارف کی بنیاد خاندان پر استوار ہے لہذا حر بن یزید کا پورا نسبی سلسلہ کچھ یوں ہے "حر بن یزید بن ناجیہ بن قعنب بن عتاب بن حارث بن عمرو بن ہمام الریاحی الیربوعی التمیمی"۔

ان کا تعلق قبیلہ بنو تمیم کی شاخ بنو ریاح بن یربوع سے تھا۔ مورخین کے مطابق، حر کا خاندان اسلام اور قبل از اسلام دونوں ادوار میں وادی کوفہ کے معزز اور ممتاز خاندانوں میں شمار ہوتا تھا۔ ان کے والد یزید بن ناجیہ، اپنے قبیلے کے سردار تھے اور اسی سبب سے حر کو کوفہ میں ایک بااثر اور معزز مقام حاصل تھا۔

تاریخ کے اوراق میں اگرچہ حضرت حرؑ کی پیدائش کی صحیح تاریخ محفوظ نہیں لیکن آپ کا شمار ان نوجوان کوفی سرداروں میں ہوتا تھا جو اپنی بہادری، شجاعت اور قائدانہ صلاحیتوں کے باعث مشہور تھے۔ مورخین نے آپ کو کوفہ کے بہترین جنگجوؤں میں شمار کیا ہے۔ آپ کی شخصیت میں شرافت، غیرت اور حق کی تلاش کے جذبات نمایاں تھے۔

ذاتی اوصاف و خصوصیات کے اعتبار سے دیکھا جائے تو حر بن یزیدؒ کی شخصیت کے بارے میں تاریخی اعتبار سے ایک دلچسپ حقیقت یہ ہے کہ آپ کی سیاسی وابستگیوں کے بارے میں مؤرخین میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ آپ کا تعلق قبیلہ تمیم کی شاخ ریاح سے تھا جس کی سیاسی حیثیت کو لے کر مؤرخین میں دو نقطہ ہائے نظر پائے جاتے ہیں۔ البتہ تاریخ میں آپ کو ایک دیانت دار، بہادر، شریف النفس اور صاحبِ غیرت انسان کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔ بعض مورخین نے آپ کو ابن زیاد کے محافظوں میں بھی شمار کیا ہے جب کہ حقیقت یہ ہے کہ آپ ایک اعلیٰ فوجی عہدے دار تھے۔

آپ کی سب سے بڑی خوبی آپ کا ضمیر بیدار اور تلاش حق کی لگن تھی۔ جب آپ نے دیکھا کہ عبیداللہ بن زیاد امام حسین علیہ السلام کے خلاف کوئی نرم گوشہ نہیں رکھتا اور ان کے ساتھ ظالمانہ سلوک کر رہا ہے تو آپ کے اندر کا انسان بیدار ہوگیا۔ محدثین اور مورخین نے آپ کے کردار کو توبہ، ندامت اور شجاعت کی ایک روشن مثال قرار دیا ہے۔

60 ہجری میں جب امام حسین علیہ السلام نے یزید کی بیعت سے انکار کر دیا اور مکہ سے عراق کی طرف روانہ ہوئے تو عبیداللہ بن زیاد نے ان کا راستہ روکنے کے لیے فوری اقدامات کیے۔ اس سلسلے میں ابن زیاد نے حر بن یزید کو ایک ہزار سپاہیوں کے ساتھ امام عالی مقام کی راہ روکنے کے لیے بھیجا۔

حر بن یزید نے اپنی فوج کے ساتھ امام حسین علیہ السلام کی طرف کوچ کیا اور کربلا کے قریب آپ کا راستہ روک لیا۔ کربلا میں عمر ابن سعد کی سربراہی میں لشکرِ یزید جمع ہوتا رہا حتی کہ سات محرم کو یزیدی افواج نے امام حسین علیہ السلام اور کے ہمراہیوں پر پانی بند کر دیا، جس سے امام علیہ السلام کے خاندان اور ساتھی پیاس سے بے حال ہوئے۔ جب حر نے دیکھا کہ ابن زیاد اور عمر سعد جیسے لوگ کسی بھی قسم کے معاہدے یا مصالحت کے لیے تیار نہیں بلکہ ان کا مقصد صرف اور صرف امام حسین علیہ السلام کو شہید کرنا ہے تو آپ کا دل بیتاب اور ضمیر بیدار ہوا پس اس کشمکش کے نتیجے میں حر نے توبہ اور فرزند رسول کی جانب رجوع کرنے کا فیصلہ کیا۔

عاشورہ کی صبح جب جنگ شروع ہونے ہی والی تھی کہ حر بن یزید نے اپنے بیٹے اور غلام کی ہمراہی میں عمر ابن سعد کی فوج چھوڑ دی اور امام حسین علیہ السلام کی طرف چل دیے۔ یہ منظر بے حد جذباتی اور سبق آموز ہے۔ حر شرمندگی و ندامت کے آنسو بہاتے ہوئے رسول اللہ کے نواسے سے معافی مانگ رہا ہے اور کریم ابن کریم سبط مصطفیٰ اک حرف شکایت زبان پر لائے بنا فرماتے ہیں کہ اے حر تم دونیا و آخرت میں آزاد ہو۔

امام حسین علیہ السلام نے انہیں معاف کر دیا لیکن فرمایا کہ گھوڑے سے اتر آؤ لیکن حر نے کہا کہ مولا میں پشت راہوار سے اترنا نہیں چاہتا بلکہ گھوڑے پر سوار رہتے ہوئے آپ کی حفاظت کرنا چاہتا ہوں۔ یہ انداز حر کی بے پناہ ہمت اور وفاداری کا مظہر ہے۔

جب معرکہ حق وباطل میں صف آرائی ہو چکی اور عمر ابن سعد نے لشکر حق پر تیر چلاتے ہوئے حملے کا آغاز کیا تو حضرت حر بن یزید سب سے پہلے میدان میں اترے اور بے مثال بہادری کا مظاہرہ کیا۔ تاریخی روایات کے مطابق آپ نے چالیس سے زائد دشمنان اسلام کو قتل کیا۔

جب آپ کا گھوڑا زخمی ہو گیا تو آپ نے زمین پر اتر کر پیدل جنگ جاری رکھی۔ آخر کار آپ شدید زخمی ہو کر زمین پر گر پڑے۔

شہسوار کربلا امام حسین علیہ السلام نے خود آپ کے پہلو میں آ کر اپنا دست مبارک آپ کے سینے پر رکھا۔ آپ کی آنکھوں سے خون جاری تھا تو امام عالی مقام نے اپنے دست مبارک اسے صاف کیا اور اپنی والدہ، دختر رسول اللہ حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کی چادر کا ایک ٹکڑا آپ کے زخم پر باندھا۔ شہادت سے پہلے حر نے پوچھا: فرزند رسول کیا میں نے اچھا عمل کیا؟ کیا آپ مجھ سے راضی ہیں؟

امام علیہ السلام نے جواب دیا: تم دونوں جہانوں میں آزاد ہو۔

حر اور تاریخ کربلا کا عرفانی مطالعہ انسان کی فکر میں امید کا اک دریچہ کھولتا ہے کہ دو محرم کو امام حسین علیہ السلام حر کے راستہ روکنے پر فرماتے ہیں: تیری ماں تیرے سوگ میں بیٹھے---

اور روز عاشورا اسی حر کا سر اپنی آغوش میں لے کر فرما رہے ہیں کہ تم دنیا و آخرت میں آزاد ہو

پس معلوم ہوا کہ غلامی سے آزادی تک، ہلاکت سے زندگی تک اور جہنم سے جنت تک لے جانے کی راہ حسینیت کی راہ ہے

تاریخی مصادر سے واضح ہوتا ہے کہ حر بن یزید کی شخصیت اور کردار کو تمام اسلامی مکاتب فکر میں سراہا گیا ہے اور خصوصاً ان کی توبہ اور شہادت کے عمل کو روشنی کا مینار تصور کیا جاتا ہے۔ اسلامی تاریخی مصادر بالخصوص ابوالفرج اصفہانی کی "مقاتل الطالبین" اور ابی مخنف کی "مقتل الحسین" جیسی کتابیں ان کی شجاعت کا ذکر کرتی ہیں۔ ائمہ اہل بیتؑ کی زبانی، حضرت حر کا ذکر بڑے احترام سے کیا گیا ہے اور حضرت امام زمان عجل اللہ تعالی فرجہ الشریف سے منسوب زیارت ناحیہ مقدسہ میں ان کو خراج تحسین پیش کیا گیا ہے۔

لہذا ہم کہہ سکتے ہیں کہ حضرت حر بن یزید ریاحی واقعہ کربلا کی ایک منفرد اور انقلابی شخصیت ہیں، جنہوں نے غلطی کا اعتراف کیا، توبہ کی اور بالآخر شہادت کا رتبہ پایا۔ آپ کی زندگی ہر دور اور بالخصوص عصر حاضر کے مسلمانوں کے لیے ایک سبق ہے کہ ہر انسان سے غلطی ہوسکتی ہے لیکن اصل امتیاز یہ ہے کہ انسان اپنی غلطیوں کو پہچان کر ان سے باز آ جائے اور حق کے ساتھ کھڑا ہو جائے۔ آپ کی شخصیت توبہ اور بخشش کی اُمید کی علامت ہے۔

کھڑک سنگھ

تحریر---ایم سرور صدیقی

آپ نے یہ مشہور مقولہ کبھی نہ کبھی تو ضرور سنا ہوگا کہ" کھڑک سنگھ کے کھڑکنے سے کھڑکتی ہیں کھڑکیاں"۔ اس مقولے کے پیچھے ایک سچی داستان ہے پہلے وہ داستان سن لیں پھر آپ کو بتاؤں گا کہ یہ مقولہ آج کے دور میں کس طرح دوبارہ حقیقت بن کر سامنے آگیا ہے۔ سردار کھڑک سنگھ پٹیالہ کے مہاراجہ کے ماموں تھے اور پٹیالہ کے سب سے بااثر بڑے جاگیردار اور گاں کے پنچایتی سرپنچ بھی تھے۔ ایک دن معمولات سے بیزار ہو کر سردار کھڑک سنگھ اپنے بھانجے کے پاس گئے اور کہا کہ" شہر کے سیشن جج کی کرسی خالی ہے مجھے جج لگوا دو (ان دنوں میں کسی بھی سیشن جج کے آرڈر انگریز وائسرائے کیا کرتے تھے)۔ یہ سن کر مہاراجہ پٹیالہ کی ہنسی چھوٹ گئی اور کھلکھلا کر بولے ماموں آپ اور جج---نہ بھئی نا یہ ناممکن ہے؟ سردار کھڑک سنگھ نے کہا دنیا میں کچھ بھی ناممکن نہیں مہاراجہ پٹیالہ نے کہا آپ تو پڑھے لکھے نہیں ہیں جج کیسے بن سکتے ہیں سردار کھڑک سنگھ نے موچھوں کو تاؤ دیتے ہو کہا اکبر بادشاہ کون سا ایم اے پاس تھا وہ میری طرح ان پڑھ تھا لیکن تاریخ کا سب سے کامیاب اور بارعب مغل بادشاہ تھا۔ ماموں کی بات سن کر مہاراجہ پٹیالہ لاجواب ہوگئے انہوں نے ناچار وائسرائے کے نام ایک چٹھی لکھ کر سفارش کی کہ ان کے ماموں کھڑک سنگھ کو سیشن جج لگا دیں۔ بھانجے سے چٹھی لکھوا کر کھڑک سنگھ سیدھا وائسرائے کے پاس جا پہنچا اور اپنے بھانجے کی چٹھی پیش کی۔ وائسرائے نے خط پڑھا اور پھر کھڑک سنگھ سے کچھ سوالات پوچھنے لگا تا کہ یہ جان سکے کہ کھڑک سنگھ جج بننے کے اہل ہے یا نہیں۔

وائسرائے نے سردار کھڑک سنگھ سے پوچھا" تمہارا نام؟

سردار کھڑک سنگھ نے ترنت اپنا نام بتا دیا

وائسرائے۔ تعلیم؟

سردار کھڑک سنگھ" نے اک شان بے نیازی سے کہا" تسی مینو جج لانا اے یاں سکول ماسٹر؟"

یہ بات سن کر وائسرائے ہنستے ہوئے" سردار جی میرا مطلب قانون کی کوئی تعلیم بھی حاصل کی ہے یا نہیں اچھے برے کی پہچان کیسے کروگے؟

سردار کھڑک سنگھ نے موچھوں کو تاؤ دیا اور بولا" بس اتنی سی بات بھلا اتنے سے کام کے لیے گدھوں کی طرح کتابوں کا بوجھ اٹھانے کی کیا ضرورت ہے، میں کئی سالوں سے پنچائت کے فیصلے کرتا آ رہا ہوں ایک نظر میں بھلے چنگے کی تمیز کر لیتا ہوں۔

وائسرائے نے دل میں سوچا چلو آزمانے میں کیا ہرج ہے جج کا جج شغل کا شغل۔۔ جس نے سفارش کی ہے وہ جانے اور اس کا ماموں۔ وائسرائے نے عرضی پر دستخط کر دیئے اور کھڑک سنگھ کو جسٹس لگانے کا فرمان جاری ہوگیا۔ وہ اپنے آرڈر لے کر پٹیالہ لوٹے اور اگلے دن بطور جسٹس کمرہ عدالت میں جا پہنچے۔ اتفاق سے اسی روز پہلا کیس قتل کا تھا۔ کٹہرے میں ایک طرف چار ملزم اور دوسری جانب ایک روتی ہوئی خاتون کھڑی تھی۔ جسٹس کھڑک سنگھ اپنے سر پر بڑا سی پگ باندھے کرسی پر براجمان تھے کیس شروع ہونے سے پہلے اس نے چاروں جانب دیکھ کر حالات کا جائزہ لیا فریقین کو غور سے دیکھا اور پھر معاملہ سمجھ گئے۔ ایک پولیس افسر کچھ کاغذ لے کر آیا اور بولا" مائی لارڈ، یہ عورت کرانتی کور ہے اس کا الزام ہے کہ ان چار لوگوں نے اس کے شوہر کو قتل کیا ہے۔" جسٹس کھڑک سنگھ نے عورت سے تفصیل پوچھی۔ عورت بولی" سرکار دائیں جانب والے کے ہاتھ میں برچھا تھا اور برابر والے کے ہاتھ میں درانتی اور باقی دونوں کے ہاتھوں میں سوٹے تھے، یہ چاروں کماد کے اولے (پیچھے) سے نکلے اور میرے خصم (شوہر) کو جان سے مار دیا۔" جسٹس کھڑک سنگھ نے چاروں کو غصہ سے دیکھا اور پوچھا" کیوں بدمعاشو، تم نے بندہ ہی مار دیا؟" دائیں طرف کھڑے ایک ملزم نے کہا" نہ جی سرکار میرے ہاتھ میں تو کئی تھی"، دوسرے نے کہا" میرے ہاتھ میں بھی درانتی نہیں تھی، ہم تو صرف بات کرنے گئے تھے اور ہمارا مقصد لڑائی نہیں صرف اسے سمجھانا تھا۔

" سردار کھڑک سنگھ نے غصہ سے کہا" معاملہ جو بھی ہو، بندہ تو مر گیا نا؟" ملزمان کے چہروں پر ہوائیاں اڑنے لگیں کھڑک سنگھ اپنے سامنے پڑے کاغذات کو پکڑا ملزمان کے نام پوچھنا شروع کر دیئے اچانک ایک کالا کوٹ پہنے ایک وکیل آ کھڑا ہوا اور بولا مائی لارڈ، رکئے، یہ کیس بڑا پیچیدہ ہے جناب قتل کا مقدمہ ہے، یہ ایک زمین کا پھڈا تھا اور جس زمین پر ہوا وہ زمین بھی ملزمان کی ہے بھلا مقتول وہاں کیوں گیا تھا؟

" جسٹس کھڑک سنگھ نے پولیس افسر سے پوچھا" یہ کالے کوٹ والا کون ہے؟"

پولیس والے نے جواب دیا" جناب یہ ان چاروں کا وکیل ہے۔"

کھڑک سنگھ بولا" ایسے بتاؤ نا مطلب تو ہوا کہ ملزمان کا بندہ ہوا نا جو، ان کی طرف سے بات کر رہا ہے۔"

سردار کھڑک سنگھ نے وکیل صفائی کو بھی ان چاروں ملزمان کے ساتھ کھڑے ہونے کا حکم دیا اور پھر ایک سطری فیصلہ لکھ کر دستخط کر دیئے۔ فیصلے میں لکھا تھا (ان چاروں قاتلوں اور ان کے وکیل کو کل صبح صادق پھانسی پر لٹکا دیا جائے)۔ کھڑک سنگھ کا فیصلہ سن کر پورے پٹیالہ میں ہلچل مچ گئی، لوگ کھڑک سنگھ کے نام سے تھر تھر کانپنے لگے کہ کھڑک سنگھ مجرموں کے ساتھ ساتھ ان کے حمائتی وکیلوں کو بھی پھانسی دے دیتا ہے۔ اس فیصلے کے بعد اچانک جرائم کی شرح صفر ہوگئی، کوئی بھی وکیل کسی مجرم کا کیس نہ پکڑتا۔ جب تک کھڑک سنگھ پٹیالہ جج رہے ریاست میں خوب امن رہا۔ آس پڑوس کی ریاست سے بھی لوگ اپنے کیس کھڑک سنگھ کی عدالت میں لاتے اور فوری انصاف پاتے۔ اس واقعہ کے بعد مشہور ہوا کہ کھڑک سنگھ کے کھڑکنے سے کھڑکتی ہیں کھڑکیاں۔ آپ کو یہ جان کر حیرت ہوگی کی کھڑک سنگھ کا یہ مقولہ آج کے دور میں پوری دنیا کو دیکھنے کو مل رہا ہے۔ انڈین کسان سکھ جس طرح انڈیا میں کھڑک رہے ہیں اس سے انڈیا کے ایوانوں کی کھڑکیاں کھڑک کھڑک کر ٹوٹ رہی ہیں۔ مسلمان، سکھ، عیسائیوں پر مشتمل اقلیتوں کے ساتھ غیر انسانی سلوک کرتے ہوئے انڈیا نے جس ڈھٹائی کے اپنے آپ کو دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت قرار دے رہا ہے اور دوسری طرف جس انداز میں خالصتان کا جھنڈا لہرایا گیا ہے وہ تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا بھارتی حکمران تو سردار کھڑک سنگھ جتنے بھی انصاف پرور نہیں ہیں حالانکہ وہ اسی ملک کا شہری تھا۔ آج ایک طرف انڈیا میں یوم جمہوریت کا راگ الاپا جاتا ہے تو دوسری جانب مقبوضہ کشمیر اور بھارت میں مسلمانوں کے ساتھ جمہوریت کا گلا گھوٹنے والا سلوک کیا جا رہا ہے نچلی ذات کے ہندوؤں کا جینا عذاب بنادیا گیا ہے، سکھ اور تامل ناڈو میں آزادی کی تحریکیں چل رہی ہیں مسلمانوں کے ساتھ دیگر اقلیتوں سکھ برادری کے ساتھ ان دنوں جو سلوک کیا جا رہا ہے وہ سب کچھ دنیا دیکھ رہی ہے اور سوال پوچھ رہی ہے کہ اس سال انڈیا کے یوم جمہوریت کو دنیا بھر میں یوم سیاہ کے طور پر کیوں منایا گیا؟ جس کا مطلب ہے مودی مسائل کی دلدل میں پھنس چکا ہے۔ ریاستی جبرو تشدد، مسلم کش فسادات، سکھوں کے خلاف انتقامی کاروائیاں، نچلی ذات کے ہندوؤں پر مظالم کی بناء پر بھارتی حکومت کا چہرہ اور دامن دونوں سیاہ ہوتے جا رہے ہیں یہی حالات رہے تو سیاسی مبصرین برملا کہہ رہے ہیں

SHOWBIZ شوبز

سید نور نے نئی فلم "چوڑیاں ٹو" کی تیاریاں شروع کر دیں

"چوڑیاں ٹو" کا بجٹ 6 سے 7 کروڑ ہے، معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرتا

لاہور (این این آئی) نامور ہدایتکار و رائٹر سید نور نے اپنی نئی فلم "چوڑیاں ٹو" کی تیاریاں شروع کر دیں۔ سید نور کی فلم "چوڑیاں" اپنے دور کی سپر ہٹ فلم تھی جس میں مرکزی کردار صائمہ اور معمر رانا نے نبھائے تھے۔ "چوڑیاں ٹو" کے لئے فلم کے ہیرو کے گھر کا سیٹ تیار کر لیا گیا ہے جبکہ اسی طرح فلم کے گھر کے لئے بھی سیٹ تیار کیا جا رہا ہے۔ سید نور نے بتایا کہ پہلے بننے والی فلم "چوڑیاں" کا بجٹ 55 لاکھ روپے تھا اور اس نے اس وقت 40 کروڑ روپے کا بزنس کیا تھا۔ "چوڑیاں ٹو" کا بجٹ 6 سے 7 کروڑ روپے رکھا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فلم کے لئے سیٹ وہی تیار کراتا ہے جسے اچھی فلم بنانے کا شوق ہوتا ہے۔

لاہور خالی جیب آیا، سینما اور مسجد کے اندر سویا' ساجن عباس

جب پہلی بار گاڑی لی تو میری خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہیں تھا' انٹرویو میں گفتگو

لاہور (این این آئی) نامور کامیڈین اداکار ساجن عباس نے کہا ہے کہ مجھے لاہور شہر نے بڑی عزت دی، یہاں خالی جیب آیا اور سینما اور مسجد کے اندر بھی سویا۔ ایک انٹرویو میں ساجن عباس نے کہا کہ میں جب فیصل آباد سے لاہور آیا تو جیب میں صرف پچاس روپے تھے، جب لاری اڈے اترا تو یہ معلوم نہیں تھا آگے کہاں جانا ہے۔ پہلے پہل ایک سینما میں سوتا تھا لیکن اس کے مالک نے اپنے ملازمین سے کہہ کر مجھے وہاں سونے سے منع کر دیا۔ اگلی رات جب سونے کے لئے کوئی جگہ نہیں تھی تو کئی کلومیٹر تک پیدل چلتا رہا اور جب تھک گیا تو ایک مسجد دیکھی تو اس وقت رات کافی ہو چکی تھی۔

شوبز انڈسٹری میں زیادہ تر تعلقات حقیقی نہیں ہوتے، جویریہ عباسی

میں نے کورونا کے دوران بڑی تعداد میں شوبز شخصیات کو شادی کرتے دیکھا

کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی سینئر اداکارہ جویریہ عباسی نے انکشاف کیا ہے کہ شوبز انڈسٹری میں بننے والے بیشتر تعلقات حقیقت کے بجائے دکھاوے پر مبنی ہوتے ہیں اور کئی رشتے صرف عوامی توجہ حاصل کرنے کے لیے قائم کیے جاتے ہیں۔ حال ہی میں ایک انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے جویریہ عباسی نے اپنی زندگی، کیریئر اور شوبز انڈسٹری کے مختلف پہلوں پر کھل کر بات کی۔ اداکارہ نے کورونا وبا کے دنوں کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ اس دوران کئی معروف شوبز شخصیات کی شادیاں سامنے آئیں، جن میں بعض جوڑوں کے بارے میں مداح پہلے سے جانتے تھے جبکہ کچھ شادیاں سب کے لیے حیران کن تھیں۔ انہوں نے مثال دیتے ہوئے کہا کہ ثمینہ احمد اور منظر صہبائی کی شادی آج بھی کامیابی سے جاری ہے، تاہم کئی دیگر شوبز شادیاں زیادہ عرصہ نہ چل سکیں، ان میں آغا علی اور حنا الطاف کا رشتہ بھی شامل ہے جو بعد ازاں طلاق پر ختم ہوا۔ جویریہ عباسی کا کہنا تھا کہ میں نے کورونا کے دوران بڑی تعداد میں شوبز شخصیات کو شادی کرتے دیکھا، لیکن اس کے بعد طلاقوں کا ایک سلسلہ بھی دیکھنے میں آیا۔ انہوں نے کہا کہ شوبز انڈسٹری میں زیادہ تر تعلقات حقیقی نہیں ہوتے، بہت سے رشتے صرف دکھاوے کے لیے بنائے جاتے ہیں اور وقت گزرنے کے ساتھ ان کی حقیقت سامنے آ جاتی ہے۔

ہانیہ عامر کی جانب سے ہسپتال کیلئے وارڈ کا عطیہ

وارڈ کیلئے بیڈز، مشینری اور دیگر ضروری سامان مہیا کیا گیا ہے

لاہور (این این آئی) خوبرو اداکارہ ہانیہ عامر نے نامور گلوکار ابرار الحق کی فلاحی تنظیم کے تحت چلائے جانے والے ہسپتال میں ایک پورا وارڈ عطیہ کیا ہے۔ اداکارہ کی جانب سے وارڈ کے لئے بیڈز، مشینری اور دیگر ضروری سامان بھی مہیا کیا گیا ہے۔ انہوں نے یہ وارڈ فریال نگہت کے نام منسوب کیا ہے۔ ٹرسٹ ادارے نے خود اس بات کی تصدیق کرتے ہوئے سوشل میڈیا پر ہانیہ عامر کے اس جذبے کو سراہا ہے۔ عوام کی جانب سے ہانیہ عامر کے اس اقدام کی بھرپور ستائش کی جا رہی ہے۔

امریکی گیم جی ٹی اے 6 کی فروخت کا آغاز 25 جون سے ہوگا

نیویارک (این این آئی) بے صبری سے انتظار کیے جانے والے گیم کا شائقین تک پہنچنے کا وقت قریب آ گیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق مشہور امریکی گیم گرینڈ تھیفٹ آٹو 6 (GTA 6) کی پری سیلز (پیشگی فروخت) کا آغاز 25 جون سے ہوگا۔ معروف امریکی کمپنی راک اسٹار گیمز نے سوشل میڈیا کے ذریعے اس گیم کے دیوانوں کو آگاہ کیا کہ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز اور منتخب ریٹیلرز پر گیم کے پری آرڈرز کا آغاز کیا جائے گا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق اس گیم کی قیمت کے حوالے سے کوئی معلومات فراہم نہیں کی گئی ہیں تاہم ماہرین کا ماننا ہے کہ اس گیم کی قیمت 80 ڈالرز ہوسکتی ہے۔ امریکی کمپنی راک اسٹار گیمز کا گیم (GTA VI) دو مرتبہ تاخیر کا شکار ہونے کے بعد 19 نومبر کو ریلیز ہوگا۔ یہ گیم تاریخ کا دوسرا سب سے زیادہ بکنے والا ویڈیو گیم (GTA V) کے 13 سال سے زیادہ عرصے کے بعد سامنے آ رہا ہے۔

یوسف خان المعروف دلیپ کمار کی برسی 7 جولائی کو منائی جائے گی

دلیپ کمار کو حکومت پاکستان نے نشان امتیاز سے نوازا، مختلف تقریبات میں خراج تحسین پیش

ممبئی (این این آئی) شہنشاہ جذبات یوسف خان المعروف دلیپ کمار کی برسی 7 جولائی کو منائی جائے گی۔ وہ تقسیم ہند سے قبل پاکستان کے صوبہ خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور میں 11 دسمبر 1922 کو پیدا ہوئے، ان کا اصل نام یوسف خان تھا اور انہوں نے 1944 میں 22 سال کی عمر میں فلم جوار بھاٹا سے فلمی دنیا میں قدم رکھا تھا۔ دلیپ کمار، انداز، داغ، رام اور شام، نیا دور، مدھومتی دیوداس اور آدمی جیسی کئی سپر ہٹ فلموں کا حصہ رہے تھے۔ دلیپ کمار کو حکومت پاکستان نے نشان امتیاز سے نوازا اور اس وقت کے صدر محمد رفیق تارڑ نے ایوارڈ سے نوازا تھا

محرم الحرام ہمیں صبر، قربانی اور حق گوئی کا درس دیتا ہے' میگھا

واقعہ کربلا نے حق و باطل کے درمیان واضح تفریق کر دی' گلوکارہ کی گفتگو

لاہور (این این آئی) نامور گلوکارہ میگھا نے کہا ہے کہ محرم الحرام اسلامی تاریخ کا ایک عظیم اور بابرکت مہینہ ہے جو ہمیں صبر، استقامت اور قربانی اور حق گوئی کا درس دیتا ہے، واقعہ کربلا حق و باطل کے درمیان واضح تفریق کرتا ہے جو رہتی دنیا تک انسانیت کی رہنمائی کرتا رہے گا۔ ایک انٹرویو میں میگھا نے کہا کہ حضرت امام حسین اور ان کے جانثار ساتھیوں نے دین اسلام کی سربلندی کے لیے عظیم قربانیاں پیش کیں۔ ہمیں محرم الحرام کے پیغام کو اپنی عملی زندگی میں اپنانا چاہیے۔ انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ سیرت امام حسین سے رہنمائی حاصل کریں۔

SPORTS سپورٹس

ایرانی گول کیپر علی رضا بیرانوند کے سوشل میڈیا پر چرچے

تہران (این این آئی) ایرانی گول کیپر علی رضا بیرانوند جنگ کے بعد امریکا کے فٹبال گراؤنڈز میں شاندار کارکردگی دکھانے پر سوشل میڈیا کی خصوصی توجہ کا مرکز بن گئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق علی رضا بیرانوند نے فیفا ورلڈ کپ 2026ء میں بیلجیئم کے خلاف میچ میں 90 منٹ تک شاندار انداز میں دفاع کیا اور حریف ٹیم کے پے در پے حملوں کو ناکام بنایا جس کے بعد ایران اور بیلجیئم کے درمیان میچ ڈرا ہوگیا۔ ایرانی گول کیپر نے کئی مشکلات کے باوجود بھی امریکا کے فٹبال گراؤنڈز میں شاندار کارکردگی دکھا کر سوشل میڈیا صارفین کی خصوصی توجہ حاصل کر لی، یہاں تک کہ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی بھی ان کی تعریف کیے بغیر نہ رہ سکے۔ عباس عراقچی نے سوشل میڈیا ویب سائٹ ایکس پر اپنی ایک پوسٹ میں لکھا کہ فٹ بال کے میدان سے مذاکرات کی میز سے میدان جنگ تک، بطور ایرانی ہم جو بھی قدم اٹھاتے ہیں وہ ایک بڑی جدوجہد کا حصہ ہے جو کہ ہمارے اپنے پیارے لوگوں کی عزت اور وقار کا دفاع ہے۔ علاوہ ازیں علی رضا بیرانوند فٹبال کی دنیا میں 2 گنیز ریکارڈز کے حامل بھی ہیں۔

لاہور: ڈی جی سپورٹس پنجاب محمد طارق قریشی نیشنل ہاکی اسٹیڈیم میں ویمن پلیئرز کی بہتر صحت، جسمانی فٹنس بہتر بنانے کے لئے خصوصی ڈائٹ پروگرام کے افتتاح کے موقع پر ویمن کھلاڑیوں کے ساتھ تعارف کروایا جا رہا ہے۔ (فوٹو این این آئی)

تاریخ رقم، میسی ورلڈ کپ میں سب سے زیادہ گول کرنے والے فٹبالر بن گئے

لاس اینجلس (این این آئی) ارجنٹینا کے لیجنڈری فٹبالر لیونل میسی نے فیفا ورلڈ کپ میں تاریخ رقم کر دی، وہ ایونٹ میں سب سے زیادہ گول کرنے والے کھلاڑی بن گئے۔ ارجنٹینا کے اسٹار فٹبالر نے فیفا ورلڈ کپ 2026 کے گروپ اسٹیج کے دوران آسٹریا کے خلاف میچ کا پہلا گول کیا جو ان کا مجموعی طور پر 6 ایونٹس میں 17 واں گول تھا۔ اس کے ساتھ ہی لیونل میسی فیفا ورلڈ کپ کی تاریخ میں سب سے زیادہ گول کرنے والے کھلاڑی بن گئے ہیں۔ انہوں نے جرمنی کے میروسلاو کلوزے کے 16 گولز کا ریکارڈ توڑا ہے۔ خیال رہے کہ اس فہرست میں برازیل کے رونالڈو 15 گولز کے ساتھ تیسرے جبکہ فرانس کے کلیان ایمباپے 14 گولز کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہیں۔

نوجوان فٹبالر کی سعودی عرب کے خلاف گول اسکور کر کے سجدہ کی ویڈیو وائرل

گول کرنے کے فوری بعد لامین یامال میدان میں گھٹنوں کے بل بیٹھ گئے اور سجدہ شکر ادا کیا

نیویارک (این این آئی) فیفا ورلڈ کپ 2026 میں اسپین کے نوجوان فٹبالر لامین یامال کی سعودی عرب کے خلاف گول اسکور کر کے سجدہ کرنے کی ویڈیو وائرل ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق فیفا ورلڈ کپ میں اسپین کے 18 سالہ فٹبالر لامین یامال نے سعودی عرب کے خلاف گروپ مرحلے کے میچ میں اسپین کی 0-4 کی بڑی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے میچ کے 10 ویں منٹ میں گول اسکور کر کے اپنی ٹیم کو ابتدائی برتری دلائی۔ گول کرنے کے فوری بعد لامین یامال میدان میں گھٹنوں کے بل بیٹھ گئے اور سجدہ شکر ادا کیا۔ نوجوان فٹبالر کا یہ انداز اسٹیڈیم میں موجود شائقین کے ساتھ ساتھ سوشل میڈیا صارفین کو بھی پسند آیا جس کی ویڈیو تیزی سے وائرل ہوگئی۔ سوشل میڈیا پر کئی صارفین نے اسے ٹورنامنٹ کے یادگار لمحہ قرار دیا ہے۔ واضح رہے کہ ہسپانوی ٹیم نے پہلے ہاف میں 3 جبکہ دوسرے ہاف میں ایک گول کیا۔

برطانوی ٹائٹل جیتنا میرے کیریئر کا بہترین لمحہ ہے، جوئل کلارک خان

برمنگھم (این این آئی) وورسٹر سے تعلق رکھنے والے ہائی جمپر جوئل کلارک خان نے برمنگھم میں برطانوی ٹائٹل جیتنے کو اپنے کیریئر کا بہترین لمحہ قرار دیدیا ہے۔ برطانوی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق 26 سالہ ایتھلیٹ جوئل کلارک خان نے الیگزینڈر سٹیڈیم میں کھیلے گئے فائنل راؤنڈ کے اختتام پر پیچھے چل رہے تھے، تاہم انہوں نے مقابلے کی آخری چھلانگ میں 2.27 میٹر کا اپنا بہترین ریکارڈ برابر کرتے ہوئے شاندار کامیابی حاصل کی، یہ ان کے کیریئر کا چوتھا آؤٹ ڈور ٹائٹل ہے تاہم 18 ماہ تک انجری کا شکار رہنے کے بعد 2023 کے بعد سے یہ ان کی پہلی بڑی کامیابی ہے۔ جوئل کلارک خان نے بتایا کہ مقابلے کی آخری چھلانگ پر پہلی پوزیشن حاصل کرنا، اپنا بہترین ریکارڈ برابر کرنا اور برطانوی چیمپئن شپ جیتنا ان کیلئے ناقابل یقین تھا، وہ 2020 سے 2023 کے درمیان 3 برطانوی ٹائٹل جیتنے کے بعد پیر کے انگوٹھے کی تکلیف کا شکار ہوگئے تھے، تاہم فروری میں نیشنل انڈور ٹائٹل جیتنے کے بعد اب انہوں نے اپنی بہترین فارم دوبارہ حاصل کر لی ہے۔ جوئل کلارک خان نے عزم ظاہر کیا کہ اگست میں اسی سٹیڈیم میں ہونے والی ہوم یورپی چیمپئن شپ ان کا اگلا بڑا ہدف ہے جہاں وہ اپنے خاندان اور دوستوں کے سامنے ایک بار پھر شاندار کارکردگی دکھانے کے لیے پرامید ہیں۔

OFFICE OF THE MUNICIPAL COMMITTEE CHAKWAL

ADVERTISEMENT AUCTION OF RIGHTS FOR MONTHLY RENT OF MC SHOPS SITUATED CHAPPER BAZAR CHAKWAL

It is hereby informed for the public at large that the Municipal Committee Chakwal intends to auction his shops situated near New Market, Chappar Bazar, Chakwal. The auction of monthly rent of the premises is being conducted under the Punjab Local Government (Property Rules 2018) for a period of 05 years at the Jinnah Hall, Office of the Municipal Committee Chakwal as per the details and date given in the column below. After the expiry of the tenancy, the Lease Period will be extendable accordingly after re-assessment of the rent as per market rate. The Terms & Conditions of the auction can be obtained from the Regulation and Revenue Branches of Municipal Committee Chakwal during Office hours.

The Auction Committee will have the right to reject one or all the bids without assigning any reason. In case of increase in bid money, the security deposit will also be increased on the spot. Interested parties can participate in the auction by submitting a security deposit on day before conducting of auction i.e 07-07-2026 in shape of pay order, call deposit along with a copy of their CNIC. The security amount shall not be deposited on 08-07-2026. In case of firm / company, it will be necessary to submit a registration certificate along with an authority letter.

The Detail of shops is as under:

Sr No.	Name of Market.	Shops	Total shops	Assessment of Monthly Rent By RAC	Security	Date, Time and Venue of Auction
1	Near New Market Chappar Bazar	2, 3, 4, 5, 6, 7. (Western side)	06	36,000/-	3,00,000/- per shop	08-07-2026 12:00 Noon At Jinnah Hall MC Chakwal
2	-do-	8, 9, 10, 11, 12. (Eastern Side)	05	36,000/-	3,00,000/- Per shop	---do---

CHIEF OFFICER
MUNICIPAL COMMITTEE
CHAKWAL

ADMINISTRATOR
MUNICIPAL COMMITTEE
CHAKWAL

IPL-6404

بقیہ 1

میں مناسب طبی اور انتظامی پروٹوکول کے بغیر ریفر کیا گیا، جس کے نتیجے میں مریضہ نے راولپنڈی جاتے ہوئے نجی گاڑی میں بچے کو جنم دیا۔ نوٹس میں اس واقعہ کو غیر پیشہ ورانہ قرار دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ اس سے ماں اور نومولود کی جان خطرے میں پڑی جبکہ ہسپتال کی ساکھ بھی متاثر ہوئی۔ متعلقہ ڈاکٹر اور نرس کو تین روز کے اندر تحریری وضاحت جمع کرانے کی ہدایت کی گئی ہے، بصورت دیگر پیڈا رولز کے تحت مزید محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ دوسری جانب چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی راولپنڈی ڈاکٹر احسان غنی نے بھی واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے تین رکنی انکوائری کمیٹی تشکیل دے دی ہے۔ کمیٹی میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (میڈیکل سروسز) راولپنڈی کو کنوینر جبکہ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر گوجرخان اور ٹی ایچ کیو ہسپتال کلر سیداں کی کنسلٹنٹ گائناکالوجسٹ ڈاکٹر عاصمہ صدف کو بطور اراکین شامل کیا گیا ہے۔ کمیٹی کو شکایت، متعلقہ ریکارڈ، ڈیوٹی روسٹر، مریضہ کے اندراجات، ریفرل دستاویزات اور دستیاب سی سی ٹی وی فوٹیج سمیت تمام شواہد کا جائزہ لے کر واقعہ کے حقائق معلوم کرنے، ذمہ داریوں کا تعین کرنے اور تین روز کے اندر اپنی سفارشات پیش کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ انکوائری رپورٹ کی روشنی میں غفلت، بدانتظامی یا فرائض میں کوتاہی ثابت ہونے کی صورت میں متعلقہ ڈاکٹر، نرس و سٹاف کے خلاف قواعد و ضوابط کے مطابق محکمانہ کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 2

غلام قمر وڑائچ، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ٹی ایچ کیو ڈاکٹر عمر فاروق مرزا سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے اعلیٰ حکام اور عملہ بھی ان کے ہمراہ موجود تھا۔ ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر حسن وقار چیمہ نے اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں وزیر اعلیٰ پنجاب کے خصوصی فنڈز سے تعمیر ہونے والے میونسپل شاپنگ سینٹر کا دورہ کیا، جو اس وقت تکمیل کے آخری مراحل میں ہے۔ انہوں نے جاری تعمیری کام کے معیار کا جائزہ لیا اور چیف آفیسر بلدیہ سے کام کی رفتار اور مستقبل کے دیگر ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ لی۔ ڈی سی راولپنڈی نے موقع پر موجود حکام کو سخت ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوامی نوعیت کے اس منصوبے کو مقررہ وقت کے اندر شفافیت کے ساتھ مکمل کیا جائے تاکہ مقامی تاجروں اور عوام کو اس کا فوری ریلیف مل سکے۔ بعد ازاں، ڈپٹی کمشنر حسن وقار چیمہ اور سی پی او راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی نے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال گوجرخان کا تفصیلی دورہ کیا۔ انہوں نے ہسپتال کے مختلف وارڈز، ایمرجنسی اور فارمیسی کا معائنہ کیا اور وہاں زیر علاج مریضوں اور ان کے لواحقین سے براہ راست ملاقات کی۔ ڈی سی راولپنڈی نے مریضوں سے حکومت پنجاب کی جانب سے فراہم کردہ طبی سہولیات، ڈاکٹروں کے رویے اور مفت ادویات کی دستیابی کے متعلق دریافت کیا۔ مریضوں اور ان کے لواحقین نے ہسپتال کے انتظامات پر مکمل اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ تمام ضروری ادویات اور ٹیسٹ ہسپتال کے اندر سے ہی بالکل مفت فراہم کیے جا رہے ہیں۔ مریضوں کے مثبت فیڈ بیک پر ڈپٹی کمشنر راولپنڈی نے ایم ایس ٹی ایچ کیو ڈاکٹر عمر فاروق مرزا اور ہسپتال انتظامیہ کی شاندار کارکردگی کو سراہا اور ان کی محنت کی تعریف کی۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ہیلتھ ویژن کے مطابق ہر شہری کو بلا تفریق اور بہترین علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنا ہمارا بنیادی فرض ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ صحت کے شعبے میں کسی بھی قسم کی غفلت، لاپرواہی یا فرائض سے کوتاہی کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اور عوامی خدمت کا یہ سفر اسی جذبے کے ساتھ جاری رہے گا۔

بقیہ 3

بارے میں بریفنگ بھی حاصل کی۔ آغا ظہیر عباس شیرازی نے کہا کہ باڑیاں مری کا ایک اہم تجارتی اور سیاحتی مرکز ہے جہاں سال بھر بڑی تعداد میں مقامی شہریوں اور سیاحوں کی آمد و رفت رہتی ہے۔ اس لیے بازار کو صاف ستھرا، خوبصورت اور منظم بنانا ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ بازار میں صفائی ستھرائی کے انتظامات کو مزید مؤثر بنایا جائے اور تجاوزات، ٹریفک کی روانی میں رکاوٹوں اور دیگر شہری مسائل کے مستقل حل کے لیے مربوط اقدامات کیے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ بیوٹیفکیشن کے جاری منصوبوں میں معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اور تمام ترقیاتی کام مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ فٹ پاتھوں کی بحالی، عوامی سہولتوں کی بہتری، مناسب سائن ایج اور خوبصورت شہری ماحول کی فراہمی نہ صرف مقامی آبادی کے لیے فائدہ مند ہوگی بلکہ سیاحت کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرے گی۔ اس موقع پر انہوں نے بازار میں موجود دکانداروں اور شہریوں سے بھی ملاقات کی اور ان کے مسائل، تجاویز اور آراء سنیں۔ شہریوں نے بازار کی بہتری کے لیے ضلعی انتظامیہ کے اقدامات کو سراہتے ہوئے مزید سہولیات کی فراہمی کی ضرورت پر زور دیا، جس پر ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام کو ضروری اقدامات کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر مری نے جاری ترقیاتی اور بیوٹیفکیشن منصوبوں کی رفتار اور معیار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی فلاح و بہبود، شہری سہولیات کی فراہمی اور مری کے سیاحتی حسن کو مزید اجاگر کرنے کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ عوامی خدمت کے منصوبوں پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ شہریوں اور سیاحوں کو ایک صاف، محفوظ، منظم اور خوشگوار ماحول میسر آ سکے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مری کے تمام اہم تجارتی اور سیاحتی مراکز کی بہتری، خوبصورتی اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ترقی کے لیے ضلعی انتظامیہ اپنی کاوشیں جاری رکھے گی تاکہ مری کی خوبصورتی اور سیاحتی اہمیت میں مزید اضافہ ہو سکے۔

بقیہ 4

کی بھاری نفری کے ہمراہ مرکزی امام بارگاہ باب العلم کا دورہ کیا اور سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈی ایس آر نواز نے ڈویژنل عزاداری سیل اور مرکزی امام بارگاہ باب العلم کے چیئرمین زوار سید بشیر احمد شاہ نقوی سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران محرم الحرام کے جلوسوں اور مجالس کے سیکیورٹی پلان پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ایس ایچ او ڈگری سراج بھی پولیس کی بھاری نفری کے ہمراہ موجود تھے۔ سیکورٹی حکام نے جلوس کے روایتی راستوں کا دورہ کیا اور گزرگاہوں کا معائنہ کیا۔ حکام کا کہنا تھا کہ عزاداری کے تقدس کو یقینی بنانے اور کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انتظامیہ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عزاداروں کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے گا تاکہ محرم الحرام کے دوران شہر میں امن و سکون کی فضا برقرار رہے

بقیہ 5

گزرتا ہوا ڈھوک سیداں چوک، تھانہ ریس کورس کی حدود میں اختتام پذیر ہوا۔ جلوس کے دوران عزاداروں نے حضرت امام حسینؓ اور شہدائے کربلا کی عظیم قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے نوحہ خوانی، سینہ کوبی اور زنجیر زنی کی۔ جلوس کے راستے بھر عزاداری کا سلسلہ جاری رہا جبکہ شرکاء نے نظم و ضبط اور مذہبی روایات کا خصوصی خیال رکھا۔ مختلف مقامات پر سبیلوں اور خدمت کے انتظامات بھی کیے گئے۔ محرم الحرام کے سلسلے میں سیکورٹی کے غیر معمولی انتظامات کیے گئے تھے۔ تھانہ دھمیال اور تھانہ ریس کورس پولیس کی بھاری نفری جلوس کے روٹس، داخلی و خارجی راستوں اور حساس مقامات پر تعینات رہی۔ جلوس سے ملحقہ گلیوں کو قناتیں لگا کر سیل کیا گیا جبکہ داخلی راستوں پر چیکنگ کے خصوصی انتظامات کیے گئے۔ عمارتوں اور حساس مقامات کی چھتوں پر بھی پولیس اہلکار تعینات رہے اور جلوس کی مسلسل نگرانی جاری رکھی گئی۔ اس موقع پر ٹریفک پولیس، ریسکیو 1122، سول ڈیفنس، امن کمیٹی اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے اپنے فرائض انجام دیئے۔ مؤثر سکیورٹی اور مربوط انتظامات کے باعث سات محرم الحرام کا مرکزی جلوس پُرامن طور پر اپنے مقررہ مقام پر اختتام پذیر ہوا۔

بقیہ 6

کہ نجی ہسپتال والوں کے جواب دینے کے بعد وہ مریضہ کو ٹی ایچ کیو لے کر آئے۔ ایم ایس نے انکوائری رپورٹ کی تفصیلات بتاتے ہوئے واضح کیا کہ ٹی ایچ کیو ہسپتال کے لیبر روم میں جیسے ہی مریضہ کا طبی معائنہ کیا گیا تو معلوم ہوا کہ بچے کی پیدائش قبل از وقت (ساتویں مہینے میں) ہو رہی ہے۔ چونکہ ٹی ایچ کیو ہسپتال میں پری میچور (پیدائش سے قبل) بچوں کے لیے انتہائی نگہداشت کا یونٹ (NICU) اور نرسری کا شعبہ موجود نہیں ہے، اس لیے آن کال موجود کنسلٹنٹ گائناکالوجسٹ کو فوری طور پر معاملے سے آگاہ کیا گیا۔ زچہ و بچہ کی زندگی کو محفوظ بنانے کے لیے تمام تر قانونی دستاویزات اور مقررہ ایس او پیز کے تحت رات سوا 11 بجے بروقت مریضہ کو راولپنڈی کے ٹرشری کیئر ہسپتال ریفر کیا گیا، جہاں نرسری اور آئی سی یو کی تمام جدید سہولیات دستیاب ہیں۔ ڈاکٹر عمر فاروق مرزا نے ہسپتال کی کارکردگی اور حکومتی احکامات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ اسی رات ہسپتال میں کامیابی کے ساتھ دو سی سیکشن (آپریشن) کے کیسز بھی نمٹائے گئے۔ انہوں نے عزم دہرایا کہ اگر آپریشن کے ذریعے بچوں کی پیدائش ہو سکتی ہے تو نارمل ڈیلیوری کے لیے آنے والی کسی بھی مریضہ کو، خواہ وہ ہسپتال میں پہلے سے رجسٹرڈ (Booked) ہو یا نہ ہو، وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق علاج کی فراہمی کے لیے ہم پابند ہیں۔ تاہم، ایسے پیچیدہ کیسز جن میں نرسری یا زچہ و بچہ آئی سی یو کی عدم موجودگی کے باعث کسی قیمتی جان کو خطرہ لاحق ہو، ہم کوئی رسک نہیں لے سکتے اور مریض کی بہتری کے لیے اسے فوری ہائر سینٹر منتقل کرنا ناگزیر ہوتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹی ایچ کیو ہسپتال میں آنے والا ہر مریض ہمارے لیے مقدم ہے، چاہے وہ سرکاری ہسپتال سے علاج کرواتا ہو یا نجی سے۔ سرکاری ہسپتال عوام کی ملکیت ہیں اور ہمارا پورا عملہ عوام کا خادم ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب اور محکمہ صحت پنجاب کی واضح ہدایات کے مطابق علاج معالجہ ہر شہری کا بنیادی حق ہے اور ہسپتال میں بے جا ریفرل پر زیرو ٹالرنس پالیسی نافذ ہے۔ کسی بھی شہری کی زندگی کو خطرے میں نہیں ڈالا جا سکتا۔ انہوں نے عوام الناس سے اپیل کی کہ ہسپتال میں کسی بھی قسم کی دشواری یا شکایت کی صورت میں پروپیگنڈے کا شکار ہونے کے بجائے فوری طور پر ایم ایس یا ڈی ایم ایس سے رابطہ کریں۔

بقیہ 7

اور تمام انتظامات کو بروقت مکمل رکھا جائے۔ انہوں نے جلوس کے روٹ پر جاری انتظامات کا معائنہ کرتے ہوئے مختلف مقامات پر کیے گئے اقدامات کا جائزہ لیا اور ضروری ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر حسن وقار چیمہ نے کہا کہ حکومتِ پنجاب کی ہدایات کے مطابق محرم الحرام کے دوران امن و امان کے قیام، عزاداروں کی سہولت اور بہترین انتظامات کو یقینی بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ، پولیس اور تمام متعلقہ ادارے مکمل طور پر متحرک ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عشرہ محرم کے دوران تمام جلوسوں اور مجالس کے پرامن انعقاد کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں ہیں اور اس میں کسی قسم کی کوتاہی ناقابل معافی تصور ہوگی۔

بقیہ 8

نے اس موقع پر سیکیورٹی انتظامات کا معائنہ بھی کیا۔ امن کمیٹی اور منتظمین جلوس سے بھی ملاقات کی۔ انہوں نے مرکزی جلوس کے مقررہ روٹ اور امام بارگاہ کی مکمل سیکیورٹی کے انتظامات جلوس کے اختتام تک کڑی نگرانی رکھنے اور ایس او پیز کی مکمل عملداری یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ کمشنر اور آر پی او نے ڈپٹی کمشنر آفس میں قائم ایمرجنسی کنٹرول روم اور سیف سٹی سنٹر کا دورہ بھی کیا اور بریفنگ لی۔ کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک اور آر پی او راولپنڈی بابر سرفراز الپا نے کنٹرول روم میں نصب کیمروں کے ذریعے بھی جلوس کی سیکیورٹی مانیٹرنگ کے تمام تر عمل کا تفصیلی جائزہ لیا اور کنٹرول روم میں ڈیوٹی پر تعینات سٹاف سے تفصیلات دریافت کیں۔ اس موقع پر اے ڈی سی جی بلال بن عبدالحفیظ، ضلعی انتظامیہ و پولیس کے دیگر افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ 9

ڈائریکٹر ائیر مارشل حامد رندھاوا (ریٹائرڈ) نے کی، جنہوں نے انڈس واٹرز ٹریٹی کے مستقبل سے متعلق اہم قانونی، انتظامی اور اسٹریٹجک پہلوؤں کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ معاہدے کا قانونی اسٹیٹس، تنازعات کے حل کے طریقہ کار، اس کی جدید خطوط پر اصلاح اور ممکنہ عدم تعمیل جیسے امور اس وقت خصوصی توجہ کے متقاضی ہیں۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ اگرچہ یہ معاہدہ دہائیوں سے تنازعات اور سیاسی کشیدگی کے باوجود برقرار رہا ہے، تاہم حالیہ پیش رفت جیسے بھارت کی جانب سے معاہدے کی ذمہ داریوں کی معطلی، ہائیڈرو انفراسٹرکچر منصوبوں میں اضافہ، اور موسمیاتی تبدیلیوں کے دباؤ نے نئے چیلنجز کو جنم دیا ہے، جس کے باعث آبی سلامتی اور علاقائی استحکام پر از سر نو مکالمے کی ضرورت بڑھ گئی ہے۔ کلیدی خطاب میں ریسرچ سوسائٹی آف انٹرنیشنل لاء کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر جمال عزیز نے اپریل 2025 میں بھارت کے اس فیصلے کے قانونی اور تزویراتی مضمرات کا تفصیلی جائزہ پیش کیا، جس کے تحت انڈس واٹرز ٹریٹی کو معطل کیا گیا۔ انہوں نے مؤقف اختیار کیا کہ یہ اقدام نہ تو معاہدے کی شقوں کے تحت اور نہ ہی عمومی بین الاقوامی قانون کے مطابق کسی قانونی جواز کا حامل ہے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ معاہدے کا پانی کی تقسیم کا فریم ورک، تنازعات کے حل کا نظام اور معاہدے کی تنسیخ کی شقیں کسی بھی یکطرفہ معطلی کی اجازت نہیں دیتیں۔ ساتھ ہی انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بین الاقوامی عرفی آبی قانون کے تحت منصفانہ استعمال، باہمی تعاون اور اہم نقصان سے بچاؤ کی ذمہ داریاں بدستور نافذ العمل رہتی ہیں۔ خطاب میں حالیہ ثالثی و عدالتی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا، جس میں ایسے فیصلوں کی نشاندہی کی گئی جنہوں نے معاہدے کی قانونی حیثیت اور زیریں دریا کے طور پر پاکستان کے مؤقف کو مزید تقویت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو چاہیے کہ وہ قانونی چارہ جوئی کے ساتھ ساتھ سفارتی روابط اور داخلی آبی وسائل کے انتظام میں اصلاحات پر مبنی دوہری حکمت عملی اختیار کرے۔ ان کے مطابق پاکستان موسمیاتی سلامتی، بین الاقوامی آبی نظم و نسق اور علاقائی استحکام سے متعلق عالمی خدشات کو بروئے کار لا کر معاہدے کے احیاء اور جدید خطوط پر بہتری کے لیے وسیع حمایت حاصل کر سکتا ہے۔ اختتامی کلمات میں سی اے ایس ایس کے صدر ائیر مارشل جاوید احمد (ریٹائرڈ) نے کہا کہ بھارت انڈس واٹرز ٹریٹی کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرتے ہوئے خطے کے استحکام کے ایک اہم فریم ورک کو متاثر کر رہا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ پاکستان کو موجودہ عالمی ثالثی توجہ کے موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اس مسئلے کو بین الاقوامی سطح پر مؤثر انداز میں اجاگر کرنا چاہیے، سفارتی حمایت کو متحرک کرنا چاہیے اور بین الاقوامی قانونی ذمہ داریوں کی پاسداری کی اہمیت کو اجاگر کرنا چاہیے۔

بقیہ 10

کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور ہر سب ڈویژن میں متعلقہ ایکسین اپنی کارکردگی کا براہ راست ذمہ دار ہوگا۔ اس امر کا اظہار انہوں نے واسا کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں مینجنگ ڈائریکٹر واسا محمد ابوبکر عمران اور ادارے کے دیگر افسران نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ واسا اپنی ریونیو وصولیوں میں اضافہ کرے، تمام اثاثہ جات کی جیو ٹیگنگ مکمل کرے اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ماڈل کے تحت بوٹلنگ پلانٹ سمیت دیگر منصوبوں کی تجاویز تیار کرے۔ انہوں نے سیوریج اور ویسٹ واٹر کے مؤثر استعمال کے لیے قابل عمل منصوبہ بندی بھی طلب کی۔ انہوں نے کہا کہ ہر برانچ کے لیے واضح کی پرفارمنس انڈیکیٹرز (کے پی آئیز) مقرر کیے جائیں اور افسران کی سالانہ خفیہ رپورٹس (اے سی آرز) کو ان کی کارکردگی سے مشروط کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے واسا سے بزنس پلان بھی طلب کرتے ہوئے ادارے کی مالی خود کفالت کے لیے جامع حکمت عملی مرتب کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے ایم ڈی واسا نے بتایا کہ واسا کے قیام کے وقت ادارے کے پاس 32 ہزار کنکشن موجود تھے جن میں تقریباً 10 ہزار واٹر سپلائی کنکشن شامل تھے۔ انہوں نے بتایا کہ جاری سروے کے دوران اب تک تقریباً 50 ہزار گھروں کا ریکارڈ مرتب کیا جا چکا ہے اور تمام ڈیٹا کو جیو ٹیگ کیا جا رہا ہے۔ سروے کی تکمیل کے بعد جامعہ سرگودھا کے شعبہ شماریات کے ذریعے اس کی تصدیق کرائی جائے گی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ غیر قانونی کنکشنز کو قانونی بنانے اور واٹر سپلائی و سیوریج بلوں کی وصولی کے لیے خصوصی مہم جاری ہے۔ بلوں کی پرنٹنگ کا عمل مکمل کیا جا رہا ہے جبکہ 10 جولائی تک وصولیوں کے اہداف حاصل کرنے کے لیے متعلقہ عملے کو ٹارگٹس دے دیے گئے ہیں۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ اب شہری اپنے بل صرف ایزی پیسہ یا جاز کیش ہی نہیں بلکہ تمام بینکوں کے ذریعے بھی جمع کرا سکیں گے۔ ڈپٹی کمشنر نے واسا کے 1334 شکایات سیل کو مزید فعال بنانے اور موصول ہونے والی شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔

بقیہ 11

اور مفتی نصر الدین سمیت دیگر شخصیات نے شرکت کی۔ اس موقع پر امن کمیٹی کے ارکان نے محرم الحرام کے دوران صوبے میں امن، رواداری اور بھائی چارے کی فضا برقرار رکھنے کے لیے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا۔ وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران پرامن ماحول کا قیام حکومت، انتظامیہ، علماء کرام اور امن کمیٹیوں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیصل آباد ڈویژن کی امن کمیٹی نے ہمیشہ قیام امن میں مثالی کردار ادا کیا ہے اور اس سال بھی انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون کو یقینی بنایا جائے گا۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ عاشورہ کے جلوسوں اور نماز جمعہ کے پرامن اور منظم انعقاد کے لیے تمام متعلقہ اداروں اور منتظمین کے درمیان مؤثر ہم آہنگی پیدا کی جائے گی تاکہ کسی قسم کی دشواری یا رکاوٹ کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ امن کمیٹیوں اور مجالس کے منتظمین کے درمیان مضبوط روابط اور مسلسل رابطہ کاری ایک خوش آئند امر ہے، جو محرم الحرام کے دوران امن و امان کی فضا برقرار رکھنے میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔ وزیر اطلاعات نے اس بات پر زور دیا کہ محرم الحرام کے دوران بھائی چارے، برداشت اور مذہبی ہم آہنگی کی فضا کو قائم رکھنا تمام مکاتب فکر کے علماء، مشائخ اور اکابرین کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت اور اس کے تمام ادارے عوام کی خدمت اور امن و امان کے قیام کے لیے پوری طرح متحرک ہیں اور اس مقصد کے حصول کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے امید ظاہر کی کہ علماء کرام، امن کمیٹیوں، انتظامیہ اور عوام کے باہمی تعاون سے محرم الحرام کے تمام اجتماعات اور جلوس پرامن ماحول میں منعقد ہوں گے اور فیصل آباد ڈویژن امن، رواداری اور مذہبی ہم آہنگی کی بہترین مثال قائم کرے گا۔

بقیہ 12

حساب ہوگا۔ وزیر اعلیٰ نے ٹیکس وصولی اور سیکٹرل میٹنگ کی ہر ہفتے رپورٹ پیش کرنے اور کیش اکانومی سے ڈیجیٹل ادائیگیوں کی جانب منتقلی کا حکم دیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ پنجاب ریونیو کلیکشن میں 38 فیصد اضافہ ہوا اور وصولی 250 سے 346 ارب تک پہنچ گئی جب کہ مالی سال 2026-27 کے لیے 528 ارب روپے کا ریونیو ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ مریم نواز نے کہا کہ اگر دنیا کیش سے ڈیجیٹل پر جا سکتی ہے تو پاکستان کیوں نہیں؟ ٹیکس چوری پر نو ٹالرنس، کیمرے کی آنکھ بھی دیکھے گی اور ڈیجیٹل سسٹم بھی پکڑے گا جب کہ جعلی رسیدیں دینے اور سیلز چھپانے والوں کے خلاف سخت کارروائی ہوگی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے پی آر اے میں انفورسمنٹ اور ہیومن ریسورس میں اضافے اور جدید ٹیکنالوجی سے لیس کرنے کی ہدایت کی اور عوام میں ٹیکس آگاہی بڑھانے کیلئے پی آر اے کا میڈیا ونگ مزید مؤثر بنانے کا حکم دیا۔ انہوں نے کہا کہ پی آر اے جہاں جہاں کارروائی کرے، جامع انداز میں کارروائی کی وجوہات میڈیا پر لائے۔

بقیہ 13

رکن قومی اسمبلی عالیہ کامران کی فنانس بل میں ترامیم کی مخالفت کردی، سپیکر نے اپوزیشن ارکان کو ترامیم پر مختصر بحث کی اجازت دے دی۔ فنانس بل میں پیش کی گئی ترامیم پر بحث کرتے ہوئے عالیہ کامران نے کہا کہ یہ بجٹ بند کمروں میں بیٹھ کر بنایا گیا ہے اس میں عوام کی رائے شامل نہیں، پٹرولیم لیوی کو جگا ٹیکس کہا گیا تھا، میری ترمیم ہے کہ پٹرولیم لیوی 50 روپے سے زیادہ نہیں لی جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ کاربن لیوی کو 5 روپے نہیں ہونا چاہیے، اڑھائی روپے ہونی چاہیے، سیلز ٹیکس کو 18 فیصد سے کم کر کے 10 فیصد کریں، اشرافیہ پر ٹیکس لگائیں۔

بقیہ 14

کنوئیں سے یومیہ 60 لاکھ مکعب فٹ قدرتی گیس حاصل ہو رہی ہے، جو ملکی توانائی کے شعبے کے لیے ایک اہم پیش رفت قرار دی جا رہی ہے۔ خط میں بتایا گیا کہ گیس کے ذخائر کو 6 انچ قطر کی 5 کلومیٹر طویل پائپ لائن کے ذریعے مجھورو پلانٹ سے منسلک کر دیا گیا ہے، جہاں گیس کو پروسیس کرنے کے بعد سوئی سدرن گیس کمپنی کے نیٹ ورک میں شامل کیا جا رہا ہے۔ او جی ڈی سی ایل کے مطابق یہ دریافت کھوساری ایکسپلوریشن لائسنس کے تحت کی گئی ہے، جس میں او جی ڈی سی ایل کا 75 فیصد جبکہ جی ایچ پی ایل کا 25 فیصد شراکتی حصہ ہے۔ کمپنی کا کہنا ہے کہ نئے گیس ذخائر کی پیداوار سے ملک میں توانائی کی ضروریات پوری کرنے اور مقامی گیس کی فراہمی میں بہتری لانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 15

ٹیکس کولیکشن کے لئے ڈیفالٹر گاڑیاں بند کرنے کا حکم دے دیا، صوبہ بھر میں سالانہ 17 لاکھ سے زائد گاڑیاں ٹوکن ٹیکس ادا کرتی ہیں، جن میں سے تقریباً پونے 9 لاکھ گاڑی مالکان ٹوکن ٹیکس کی مد میں 9 ارب روپے کی ادائیگی کی ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ ساڑھے 8 لاکھ گاڑی مالکان کے ذمے 9 ارب سے زائد کی ادائیگیاں زیر التواء ہیں، اس صورتحال کے پیش نظر 30 جون تک ٹوکن ٹیکس وصولی کے لئے سخت اقدامات کی ہدایت جاری کی گئی ہے۔ محکمہ ایکسائز نے ہدایت کی ہے کہ ای ٹی اوز کی سربراہی میں صبح 8 سے شام 5 بجے تک مختلف مقامات پر ناکہ بندی یقینی بنائی جائیں جبکہ ٹوکن ٹیکس وصولی اور کارروائیوں کی روزانہ رپورٹ ڈی جی آفس بھجوائی جائے گی۔ حکام نے واضح کیا ہے کہ ٹوکن ٹیکس کی مکمل ادائیگی تک کسی بھی نادہندہ گاڑی کو سسٹم میں ان بلاک نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 16

تھے کہ ٹیم کے پہنچنے پر انہوں نے فائرنگ شروع کر دی۔ جوابی کارروائی کے دوران دو ملزمان موقع پر ہلاک ہو گئے جبکہ تین فرار ہو گئے۔ پولیس کے مطابق ہلاک ہونے والے ملزمان ریکارڈ یافتہ اور متعدد مقدمات میں مطلوب تھے۔ بتایا گیا ہے کہ ان ملزمان نے ایک روز قبل ڈکیتی کے دوران ایک شہری کو قتل بھی کیا تھا۔ ہلاک ہونے والے ڈاکوں کی شناخت عمر مقبول اور فیصل کے ناموں سے ہوئی ہے۔ موقع سے اسلحہ اور موٹر سائیکل بھی برآمد کر لی گئی ہے جبکہ فرار ملزمان کی تلاش جاری ہے۔

بقیہ 17

جنہوں نے اپنی بے مثال صلاحیتوں، تخلیقی انداز اور موسیقی سے عوام کے دلوں میں منفرد مقام بنایا۔ ان کا شمار پاکستان کے ان فنکاروں میں ہوتا ہے جنہوں نے نہ صرف خود شہرت حاصل کی بلکہ موسیقی کی دنیا کو متعدد باصلاحیت فنکار بھی دیے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ طارق طافو نے اپنے مشہور زمانہ گیت ''لہور لہور اے'' کے ذریعے عالمی سطح پر شناخت حاصل کی اور پاکستان کی ثقافت و موسیقی کو دنیا بھر میں متعارف کرانے میں اہم کردار ادا کیا۔ ان کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ طارق طافو نے اپنی فنی زندگی میں درجنوں آرٹسٹوں کی رہنمائی کی اور انہیں موسیقی کی دنیا میں متعارف کروایا۔ ان کی فنی خدمات پاکستان کے ثقافتی ورثے کا قیمتی حصہ ہیں۔ وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب نے مرحوم کے اہلخانہ، عزیز و اقارب اور مداحوں سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق دے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ طارق طافو جیسے عظیم موسیقار کا خلاء مدتوں پُر نہیں ہو سکے گا اور ان کا فن ہمیشہ زندہ رہے گا۔

بقیہ 18

ڈوب گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق 14 سال کے بچے کی لاش نالے سے نکال کر ورثا کے حوالے کر دی گئی۔ ریسکیو حکام نے یہ بھی بتایا ہے کہ ڈوبنے والے دوسرے بچے کی تلاش کے لیے آپریشن تا حال جاری ہے۔

بقیہ 19

کردہ صورت میں ایوان میں پیش کرنے کی اجازت دی جائے، اجازت ملنے پر انہوں نے رپورٹ ایوان میں پیش کی۔ ایوان نے مالیاتی بل پر اپوزیشن کی جانب سے کٹوتی کی تحاریک کو مسترد کر دیا بعد ازاں ایوان نے مالیاتی بل کی شق وار منظوری دی۔ قبل ازیں کٹوتی کی تحاریک پر بحث میں حصہ لیتے ہوئے عالیہ کامران نے کہا کہ مالیاتی بل کا براہ راست اثر عوام پر پڑتا ہے، کیا حکومت نے تاجروں، تنخواہ دار طبقہ، چھوٹے کاروبار، ٹیکس ماہرین اور سول سوسائٹی سے مشاورت کی ہے؟ اس بل کا سرکولیٹ ہونا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی کی حد 50 روپے رکھی جائے، کاربن لیوی کی شرح ڈھائی روپے رکھی جائے، ٹیلی فون کارڈز پر کٹوتی کی شرح کم کی جائے، ہوائی ٹکٹوں پر ایف ای ڈی کی شرح کم کی جائے، سیلز ٹیکس کی شرح 10 فیصد رکھی جائے۔ رانا عاطف نے کہا کہ گردشی قرضہ کا حجم 2800 ارب روپے ہے، ڈسکوز کے نقصانات بڑھ رہے ہیں۔ محمد مبین عارف نے کہا کہ مالیاتی بل سے متعلق امور قومی اسمبلی کے دائرہ کار میں آتے ہیں اور یہ اس ایوان کا استحقاق ہے، فیس لیس سینٹر کا مقصد کرپشن فری نظام بتایا گیا ہے تاہم قانون کے مطابق صرف ٹیکس اہلکار کی شناخت خفیہ رکھی گئی ہے جبکہ ٹیکس دہندہ کی شناخت کو خفیہ رکھنے کا نہیں بتایا گیا ہے، کم سے کم 5.5 فیصد ٹیکس وِدہولڈ کیا گیا ہے، کئی کاروبار ہیں جن کا کم سے کم ٹیکس 2 فیصد ہے، ٹیکسوں کے حوالہ سے پنالٹی بڑھا دی گئی ہے، کمپلائنس کے حوالہ سے نیا ڈائریکٹوریٹ بنایا جا رہا ہے جبکہ گزشتہ سال بھی ایک نیا ڈائریکٹوریٹ قائم کیا گیا تھا، نعیمہ کشور خان نے کہا کہ ہزار سی سی گاڑیوں پر ٹیکس 4 ہزار سے بڑھا کر 20 ہزار کر دیا گیا ہے، اس کو ختم کیا جائے، بلٹ پروف گاڑیوں پر 18 فیصد ٹیکس کو ختم کر دیا گیا ہے، گھریلو استعمال کی چیزوں اور پلاسٹک مصنوعات، ٹرنکس اور ہائیجین کی اشیاء پر ٹیکس نہ بڑھایا جائے، سٹیشنری پر بھی ٹیکس نہیں ہونا چاہیے، اسی طرح غیر ملکی ڈراموں پر ٹیکس کو ختم نہیں کرنا چاہیے، بزنس کلاس ٹکٹ کی طرح اکانومی کلاس کی ٹکٹ پر بھی رعایتیں دی جائیں، تنخواہ دار طبقہ کو ٹیکسوں میں ریلیف دیا جائے، عمیر نیازی نے کہا کہ بجٹ پر تکنیکی نکات اٹھائے گئے تاہم اس کا تکنیکی جواب دینے کی بجائے سیاسی موقف اختیار کیا گیا ہے۔

بقیہ 20

30 ہزار سے زائد صارفین نے اپنے یوزر اکاؤنٹس بھی بنا لئے ہیں، جس سے عازمین کی بھرپور دلچسپی ظاہر ہوتی ہے۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق حج 2027 کی آن لائن رجسٹریشن سرکاری اور پرائیویٹ دونوں سکیموں کے تحت حج ادا کرنے کے خواہش مند تمام افراد کے لئے لازمی قرار دی گئی ہے، حکام نے درخواست گزاروں کو ہدایت کی ہے کہ رجسٹریشن کے دوران فیملی گروپ تشکیل دیں تاکہ آئندہ مراحل میں سہولت فراہم کی جا سکے۔ رجسٹریشن کے ابتدائی مرحلے میں درخواست گزار کے پاس ڈیجیٹل تصویر، قومی شناختی کارڈ یا ب فارم کا ہونا ضروری ہے، جبکہ کارآمد پاکستانی پاسپورٹ کی شرط اگلے مرحلے میں لازمی ہوگی۔

بقیہ 21

لاکھ روپے جرمانہ عائد ہوگا، نوٹس کی بار بار خلاف ورزی کرنے پر جرمانہ 20 لاکھ روپے تک بڑھ سکتا ہے۔ یکم جولائی سے الیکٹرانک ٹیکس مانیٹرنگ سسٹم نصب نہ کرنے پر کارروائی ہوگی، ایف بی آر کی مانیٹرنگ سسٹم اور الیکٹرانک ٹیکس نظام کو خراب کرنے پر 5 سال کی قید کی سزا ہو سکے گی، فیکٹریوں، کارخانوں اور دکانوں پر ایف بی آر کے مانیٹرنگ نظام کو توڑنے یا نقصان پہنچانے پر سزا اور جرمانہ ہو سکتا ہے۔ فنانس بل کے مطابق الیکٹرانک نظام میں پہلی خرابی پر 10 لاکھ روپے جرمانہ ہوگا، بار بار خرابی پر ہر مرتبہ دس لاکھ جرمانہ ہوگا، جب کہ الیکٹرانک نظام مقررہ مدت میں نصب کرنا لازمی ہے، سسٹم کی تنصیب کے بعد اس کے استعمال اور دیکھ بھال لازمی ہوگی۔ ایف بی آر 3 کروڑ روپے تک الیکٹرانک سسٹم نصب کرنے والوں کو ریبیٹ دے گا، اور ٹیکس مانیٹرنگ سسٹم کو غیر فعال بنانے پر قانونی کارروائی ہوگی، سسٹم لگانے یا خرابی پر کارروائی کا طریقہ کار یکم جولائی کو ایف بی آر کی ویب سائٹ پر جاری کیا جائے گا، اور یکم جولائی سے انکم ٹیکس ریٹرنز صرف الیکٹرانک ذرائع سے جمع کرانا لازم ہوگا۔ فنانس بل میں کہا گیا ہے کہ انکم ٹیکس ریٹرن صرف آئرس کے ذریعے الیکٹرانک طور پر جمع کرانا لازمی ہوگا، کمپنیوں کے مالیاتی گوشوارے بھی مشین ریڈیبل فارمیٹ میں جمع ہوں گے، اب مکمل طور پر ریٹرنز الیکٹرانک جمع کرانے کی پابندی ہوگی۔ الگورتھمک سیٹلمنٹ میکانزم قبول کرنے والوں کو ریوائزڈ ریٹرن کی سہولت ملے گی، الگورتھمک سیٹلمنٹ کے تحت ریٹرن پر کمشنر کی پیشگی منظوری درکار نہیں ہوگی، اسے اختیار کرنے والے ٹیکس دہندگان پر لیگ جرمانہ اور سرچارج لاگو نہیں ہوگا۔

بقیہ 22

اقدامات اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ ترجمان پاک فوج کا کہنا تھا کہ ایرانی صدر نے مذاکرات، کشیدگی میں کمی اور علاقائی استحکام کے لیے پاکستان کے تعمیری اور ذمہ دارانہ کردار، تنازعات کے پرامن حل اور فریقین کے درمیان افہام و تفہیم کو فروغ دینے کے لیے پاکستان کی کوششوں کو سراہا۔ دوسری جانب فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے دورانِ گفتگو خطے میں امن و استحکام کے لیے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا۔ علاوہ ازیں آئی ایس پی آر کے مطابق دونوں اطراف سے پاکستان ایران تعلقات مضبوط بنانے اور باہمی دلچسپی کے امور پر قریبی مشاورت کو برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ 23

مجموعی طور پر 220 کلو 400 گرام چرس، 312 گرام آئس اور 8 گرام ویڈ برآمد کی گئی۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزمان نے دورانِ تفتیش تعلیمی اداروں کے طلبہ کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف بھی کر لیا ہے۔ اے این ایف کے مطابق تمام ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ 1997 کے تحت مقدمات درج کر لئے گئے ہیں، جبکہ مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 24

خیالات کا اظہار انہوں نے ملتان میں محکمہ اوقاف کے زیرِ نگرانی جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کے ایک تفصیلی اور ہمہ جہتی معائنے کے دوران کیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر (سٹی)، زونل ایڈمنسٹریٹر اوقاف ملتان رانا طارق اور والڈ سٹی لاہور اتھارٹی کے مینیجرز بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران ڈاکٹر احسان بھٹہ نے حضرت بہاؤالدین زکریا اور حضرت شاہ رکن عالم کے مزارات مقدسہ پر حاضری دی، جہاں انہوں نے فاتحہ خوانی کی اور ملکی یکجہتی و خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں مانگیں۔ انہوں نے والڈ سٹی اتھارٹی کے نمائندوں کو ہدایت کی کہ وہ زائرین کی سہولت کے لیے پبلک ٹوائلٹس کی تعمیر ہر صورت 15 جولائی تک مکمل کریں اور اسسٹنٹ کمشنر سمیت مقامی مینیجرز کو روزانہ کی بنیاد پر اس کی نگرانی کرنے کی تاکید کی۔ بعد ازاں انہوں نے حضرت موسیٰ پاک شہید کے مزار پر جاری تعمیراتی کام کا جائزہ لیا اور والڈ سٹی اتھارٹی کی تیز رفتار کارکردگی کو سراہتے ہوئے بقیہ کام تین سے چار ماہ میں مکمل کرنے کی ڈیڈ لائن مقرر کی۔ انہوں نے وہاں موجود مقامی زائرین سے بھی ملاقات کی، جنہوں نے مزار کی بحالی اور خوبصورتی کے لیے حکومتِ پنجاب کے اقدامات کی تعریف کی۔ سیکرٹری اوقاف نے نو تعمیر شدہ اوقاف دفاتر کا دورہ کیا تاکہ عمارت کے آخری مراحل کے کام کا جائزہ لیا جا سکے۔ انتظامی وفد کے ہمراہ پوری عمارت کا معائنہ کرتے ہوئے انہوں نے یاددہانی کروائی کہ سالانہ عرس میں صرف ایک ماہ باقی ہے، اس لیے تمام دفتری انفراسٹرکچر کو 15 جولائی تک ہر لحاظ سے مکمل اور فعال کیا جائے۔ آخر میں، ڈاکٹر احسان بھٹہ نے ملتان میوزیم کا تفصیلی دورہ کیا جہاں انہوں نے گیلریوں میں محفوظ قیمتی نوادرات اور تاریخی اشیا کا معائنہ کیا۔ اپنے اختتامی تاثرات میں انہوں نے بطور سیکرٹری ٹورازم اس میوزیم کے قیام کے لیے دی جانے والی ذاتی خدمات اور کوششوں کو یاد کیا اور خطے کے ثقافتی ورثے کو محفوظ بنانے والے تمام افسران اور عملے کی گراں قدر خدمات کو دل کھول کر سراہا۔

بقیہ 25

انتظامات کیے گئے ہیں اس ضمن میں وفاقی آئینی عدالت نے تمام کاز لسٹ کی منسوخی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ اسلام آباد میں راستوں کی بندش پر سائلین اور وکلا کی مشکلات کے باعث کاز لسٹ کینسل کی گئی ہے۔ علاوہ ازیں الیکشن کمیشن میں آج ہونے والے کیسز کی سماعت بھی ملتوی کر دی گئی۔ الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی کے رہنما مراد سعید کی خالی نشست سے متعلق کیس ڈی لسٹ کر دیا ہے، اس کیس پر سماعت اب 24 جون کو ہوگی۔

بقیہ 26

ادارے اور دیگر سرکاری سرگرمیاں بند رہیں گی۔ حکومت کی جانب سے یہ تعطیلات یوم عاشور کے موقع پر مذہبی تقریبات، مجالس اور عزاداری جلوسوں کے پیش نظر دی گئی ہیں تاکہ شہری مذہبی رسومات میں بھرپور انداز میں شرکت کر سکیں۔

بقیہ 27

جاری بیان کے مطابق دونوں وزرا نے توانائی کے شعبے میں دوطرفہ تعاون کو مضبوط بنانے، سرمایہ کاری کے مواقع اور پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تعاون کو بڑھانے کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا۔ بات چیت میں سٹریٹجک شراکت داری کے پہنچنے، نجی شعبے کی شراکت کو فروغ دینے اور توانائی کے شعبے میں اصلاحات اور ترقی کے تجربات سے استفادہ پر بھی توجہ مرکوز کی گئی۔ اس ملاقات نے پاکستان اور ترکیہ کے درمیان مضبوط اور برادرانہ تعلقات کی عکاسی کی اور اس میں باہمی منفعت کے لیے اقتصادی اور ادارہ جاتی تعاون کو مزید گہرا کرنے کے لیے فریقین کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ وزیر اعظم کے مشیر نے توانائی کے شعبے میں ترکیہ کی کامیابیوں کو سراہا اور مشترکہ دلچسپی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے میں پاکستان کی گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ دونوں اطراف نے بات چیت کا سلسلہ جاری رکھنے اور مستقبل میں تعاون کے مواقع تلاش کرنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 28

حملہ کیا جس کی پاکستان نے فوری مذمت کی، پاکستان نے خطے کے امن کے لیے فریقین کو مذاکرات کی میز پر لانے کی پہل کی، پاکستان کی مسلسل کوششوں سے پہلے فریقین کے درمیان سیز فائر کرائی گئی۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں امریکا ایران وفود میں 21 گھنٹے طویل مذاکرات کے 6 راؤنڈز ہوئے، 47 سال بعد پہلی بار امریکا اور ایران کے درمیان اسلام آباد میں براہ راست مذاکرات ہوئے، امریکی نائب صدر جے ڈی وینس، ایرانی اسپیکر اور وزیر خارجہ نے مذاکرات میں نمائندگی کی۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان کی جانب سے میں نے، چیف آف ڈیفنس فورسز اور قومی سلامتی مشیر نے بطور ثالث و گواہ شرکت کی، سفارتی کوششوں کے دوران پاکستان نے خطے کے دیگر ممالک کو بھی مسلسل اعتماد میں رکھا، پاکستان، سعودی عرب، مصر اور ترکیہ پر مشتمل آر فورم قائم ہو چکا، قطر، بحرین، کویت، اردن، یورپی یونین، کینیڈا، آسٹریلیا، جاپان اور چین نے بھی پاکستان کی کوششوں کی حمایت کی۔ انٹرویو میں کہا کہ 18 جون کو اسلام آباد مفاہمت کی یادداشت پر حتمی دستخط ہوئے، یہ فورم کسی قسم کا بلاک نہیں، بلکہ آدھی ارب آبادی کا مشترکہ پلیٹ فارم ہے، آر فور بحیرہ احمر، بحیرہ روم اور افریقا کو جوڑتا ہے۔ نائب وزیر اعظم نے کہا کہ اسلام آباد معاہدے کی کاپیاں مصر، سعودی عرب اور ترکیہ کے وزیر خارجہ سے شیئر کر دیں، قلیل مدتی جنگ کی وجہ سے عالمی سطح پر انرجی سپلائی چین بری طرح متاثر ہوئی، جنگ کی وجہ سے تیل کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں، عالمی سطح پر شدید مہنگائی آئی اور دنیا کو تقریباً 20 سے 25 فیصد گلوبل جی ڈی پی کا نقصان ہوا۔ انہوں نے کہا کہ عوام پر بوجھ ڈالنے کے بجائے 3 ہفتوں تک اربوں روپے کی بھاری پیٹرولیم سبسڈی دی، عالمی مارکیٹ میں قیمتیں کم ہوتے ہی تمام ریلیف فوری پاکستانی صارفین کو منتقل کر دیا گیا، آبنائے ہرمز سے بحری جہازوں کی آزادانہ نقل و حرکت کے لیے 60 دن کا وقت مقرر کیا گیا، ہرمز سے گزرنے والے جہازوں پر کوئی ٹرانزٹ یا سروس فیس نہیں ہو گی۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ سوئٹزر لینڈ کے شہر میں مذاکرات کے دوسرے مرحلے کا باقاعدہ آغاز ہوا، دوسرے مرحلے کے لیے 3 مخصوص تکنیکی گروپس بنائے گئے ہیں۔

بقیہ 29

(پی ہوٹا) لاہور اور پنجاب پولیس نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے مرکزی کردار ڈاکٹر سمیت چار ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ حکام کے مطابق غیر قانونی پیوند کاری میں ملوث ڈاکٹر محمد راشد خان کو لاہور کی ایک نجی سوسائٹی سے گرفتار کیا گیا، جبکہ کارروائی کے دوران نوید، سید عمار اور شہباز نامی تین دیگر ملزمان کو بھی حراست میں لے لیا گیا۔ مشترکہ کارروائی کی سربراہی عدنان احمد بھٹی، ہیڈ آف ویجیلنس نے کی، جبکہ ٹیم میں میاں کاشف شوکت، انسپکٹر ویجیلنس، ڈاکٹر فیصل، سب انسپکٹر نجم اور پنجاب پولیس کے دیگر اہلکار شامل تھے۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق ملزمان نے دیگر ملوث ڈاکٹروں اور ایجنٹوں کے ساتھ مل کر "سکینہ" نامی لڑکی کا غیر قانونی گردہ ٹرانسپلانٹ کیا تھا، تاہم پیوند کاری کامیاب نہ ہو سکی، بعد ازاں متاثرہ لڑکی کا ناکام گردہ نکالنے کیلئے قصور کے ایک نجی ہسپتال میں آپریشن کیا جا رہا تھا۔ محکمہ صحت اور پنجاب پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کرلیا، جبکہ کارروائی کے دوران علامہ اقبال ہسپتال قصور کو بھی سیل کر دیا گیا۔ حکام کے مطابق اس غیر قانونی نیٹ ورک میں ملوث دیگر ڈاکٹروں، ایجنٹوں اور سہولت کاروں کی گرفتاری کے لیے مختلف مقامات پر چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ ڈائریکٹر جنرل پی ہوٹا کی ہدایت پر متاثرہ مریضہ سکینہ بی بی کو مزید بہتر علاج کے لیے سروسز ہسپتال لاہور منتقل کر دیا گیا ہے، جہاں اس کا علاج جاری ہے۔ پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی نے اپنے بیان میں واضح کیا ہے کہ انسانی اعضا کی غیر قانونی خرید و فروخت اور غیر قانونی ٹرانسپلانٹیشن میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی اور ایسے جرائم میں ملوث کسی فرد کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

بقیہ 30

جبکہ جناح اسپتال میں روزگیسٹرو اور ڈائریا کے مریضوں کی تعداد 150 سے تجاوز کر گئی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق یہ باتیں ڈاکٹر عمران سرور نے بتائیں۔ طبی ماہرین کے مطابق شہری پیٹ درد، الٹی، متلی اور لوز موشن کی شکایات کے ساتھ اسپتالوں کا رخ کر رہے ہیں، فریزر میں رکھا گیا گوشت اگر مناسب طریقے سے پکا نہ ہو تو معدے کے مسائل کا سبب بن سکتا ہے۔ طبی ماہرین نے مزید بتایا کہ غیر معیاری اور آلودہ کھانے گیسٹرو کے پھیلاؤ کی بڑی وجہ بن رہے ہیں، شہری تازہ اور صاف ستھری غذا کا استعمال کریں، کھانے کو ڈھانپ کر رکھیں اور فریج میں مناسب درجہ حرارت پر محفوظ کریں۔

بقیہ 31

لباس میں ملبوس بچوں نے ایرانی صدر کو پھول پیش کیے۔ منگل کو ایرانی صدر مسعود پزشکیان کے طیارے نے نور خان ایئر بیس پر لینڈ کیا، صدر آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف نے ان کا استقبال کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار، خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری اور چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری بھی ایرانی صدر کے استقبال کے لیے نور خان ایئر بیس پر موجود تھے۔ ایران کے صدر مسعود پزشکیان کو پاک فضائیہ کے طیاروں نے سلامی دی اور روایتی لباس میں ملبوس بچوں نے ایرانی صدر کو پھول پیش کیے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی بھی ایران کے صدر کے وفد میں شامل ہیں۔ واضح رہے کہ ایرانی صدر سے کچھ دیر قبل ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی اسلام آباد پہنچے تھے۔ نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار وزیر داخلہ محسن نقوی اور بلاول بھٹو زرداری نے ایرانی وزیر خارجہ کا استقبال کیا۔ ایرانی صدر کی آمد سے قبل ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے صدر زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف سے ملاقات کی۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ملاقات میں وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیر داخلہ محسن نقوی، بلاول بھٹو زرداری، آصفہ بھٹو زرداری اور ایرانی سفیر رضا امیری مقدم بھی شریک تھے۔ ایران کے صدر مسعود پزشکیان وزیر اعظم شہباز شریف کی دعوت پر پاکستان کا دورہ کر رہے ہیں، دورے کا مقصد امریکا ایران ثالثی کے لیے پاکستان کی کوششوں کو سراہنا ہے۔ یاد رہے کہ مسعود پزشکیان کا بطور ایرانی صدر پاکستان کا یہ دوسرا دورہ ہے۔

بقیہ 32

4 راکٹ فیوز اور متعدد آئی ای ڈیز قبضے میں لے لی گئیں۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق یہ دھماکہ خیز مواد کسی ممکنہ بڑے دہشت گرد حملے میں استعمال کیا جانا تھا۔ سکیورٹی فورسز کی بروقت اور پیشہ ورانہ کارروائی نے اس مذموم منصوبے کو ناکام بنا کر علاقہ کو ممکنہ بڑی تباہی سے بچا لیا۔ دہشت گردی کیخلاف یہ کامیاب کارروائی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ سکیورٹی فورسز بلوچستان میں امن دشمن عناصر کے خلاف سیسہ پلائی دیوار ہیں۔

بقیہ 33

اسپتال منتقل کر کے واقعے کا مقدمہ درج کر لیا ہے۔ ملزمان کی گرفتاری کے لیے پولیس کی ٹیمیں چھاپے مار رہی ہے۔

بقیہ 34

بارڈر ایریا میں سکیورٹی انتظامات کیلئے جدید سامان کی خریداری کی منظوری دے دی۔ کابینہ کمیٹی نے ریسکیو 1122 کیلئے 80 ملین روپے سے زائد کے جدید سامان کی خریداری کی منظوری دی۔ کابینہ کمیٹی نے 11 مختلف کیسز کیلئے جے آئی ٹی کی تشکیل کی منظوری دے دی۔ کابینہ کمیٹی نے 14 مختلف کیسز میں پراسیکیوشن اور کورٹ چالان جمع کروانے کی منظوری دی۔ کابینہ کمیٹی نے مختلف اضلاع میں 28 پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو ڈی نوٹیفائی جبکہ 1 پرائس مجسٹریٹ کو نوٹیفائی کرنے کی منظوری دی۔ صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان خواجہ سلمان رفیق نے اس موقع پر کہا کہ اجلاس کے دوران صوبہ بھر میں امن و امان کی تازہ صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 35

منعقدہ دعائیہ تقریب میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی جس کے بعد سڑک پر کارپٹ بچھانے کا عملی عمل شروع کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق پہلے مرحلے میں سرائے چوک تک روڈ سیکشن مکمل کیا جائے گا جبکہ بعد ازاں باقی ماندہ حصوں پر تعمیراتی سرگرمیاں جاری رکھی جائیں گی۔ منصوبے کے دوران جہاں جہاں سڑک کی بنیاد متاثر یا کمزور پائی گئی ہے وہاں ضروری مرمت، نکاسی آب اور دیگر تکنیکی کام بھی مکمل کیے جائیں گے تاکہ سڑک کی پائیداری اور افادیت کو یقینی بنایا جا سکے۔ متعلقہ حلقوں کے مطابق منصوبے میں تاخیر مختلف انتظامی، قانونی اور مالی مراحل کے باعث ہوئی تاہم اب تعمیراتی سرگرمیوں کی بحالی سے عوام کی دیرینہ توقعات پوری ہونے کی امید پیدا ہو گئی ہے۔ شہری حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ تعمیراتی معیار استعمال ہونے والے میٹریل، بیس ورک اور کارپٹنگ کی موٹائی پر خصوصی توجہ دی جائے اور متعلقہ ادارے مؤثر نگرانی کو یقینی بنائیں۔ عوام کا کہنا ہے کہ چوآ سیدن شاہ تا کلر کہار کارپٹ روڈ کے بعض حصوں میں قبل از وقت ٹوٹ پھوٹ اور تعمیراتی معیار سے متعلق سامنے آنے والی شکایات کے تناظر میں اس منصوبے میں شفافیت معیاری میٹریل اور سخت مانیٹرنگ ناگزیر ہے تاکہ قومی وسائل کا تحفظ ہو اور عوام کو ایک مضبوط، پائیدار اور معیاری سفری سہولت میسر آ سکے

بقیہ 36

کے روبرو پیش ہوا۔ سماعت کے دوران عدالت نے استفسار کیا کہ اگر ملزم کی گرفتاری مطلوب ہے تو اس کی کیا وجوہات ہیں۔ تفتیشی افسر نے موقف اختیار کیا کہ ملزم مقدمے میں نامزد ہے اس لیے اس کی گرفتاری درکار ہے۔ جسٹس محمد طارق ندیم نے تفتیشی ریکارڈ کا جائزہ لیتے ہوئے تفتیشی افسر سے مکالمہ کیا کہ آپ اپنی تفتیش میں خود تحریر کر رہے ہیں کہ دونوں ملزمان وقوعہ کے وقت جائے وقوعہ پر موجود نہیں تھے

بقیہ 37

جنوری اور اپریل کے مانیٹری پالیسی اجلاس کے بعد پریس بریفنگ دی جائے گی۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق زری پالیسی اجلاسوں کی تفصیلی کارروائی مرکزی بینک کی ویب سائٹ پر جاری کی جائے گی جبکہ زری پالیسی سے متعلق پیشگی معلومات کی فراہمی کا دائرہ بھی وسیع کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 38

ہدایت پر ایس ایس پی آپریشنز، ایس ایس پی انویسٹی گیشن اور دیگر افسران نے شہر بھر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا، ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب اور ایس ایس پی انویسٹی گیشن ناصر علی خان نے محرم الحرام کے حوالے سے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور ہدایات دیں، محرم الحرام کے حوالے سے افسران الرٹ ہو کر مستعدی سے فرائض سر انجام دیں، ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب کا کہنا تھا کہ مجالس، جلوسوں کی موثر اور فول پروف سکیورٹی کے لئے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن ناصر علی خان نے کہا کہ قانون کی بالادستی اور امن و امان کا قیام اولین ذمہ داری ہے۔

بقیہ 39

مختص کیے گئے۔ ہاؤس رینٹ الاؤنس کے لیے 5 ارب 22 کروڑ 76 لاکھ 59 ہزار روپے، سینئر الاؤنس کی مد میں 87 لاکھ 78 ہزار روپے مختص کئے گئے ہیں۔ اسی طرح کنوینس الاؤنس کے لیے 4 ارب 61 کروڑ 58 لاکھ 58 ہزار روپے، واشنگ الاؤنس کے لیے 28 کروڑ 12 لاکھ 91 ہزار روپے اور ڈریس الاؤنس کے لیے 5 کروڑ 26 لاکھ 65 ہزار روپے رکھے گئے ہیں۔

بقیہ 40

احکامات تک ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی، کیپٹن (ر) عریب احمد مختار فنانس ڈیپارٹمنٹ میں ڈپٹی سیکرٹری تعینات کر دی گئیں، منیبہ فاطمہ کو ترقی دے کر بی ایس 18 میں ڈپٹی سیکرٹری ایکسائز تعینات کر دیا گیا۔

بقیہ 41

کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں تھانہ سہالہ پولیس ٹیم نے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کے 06 مسروقہ موٹر سائیکل اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزمان نے متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزمان کے خلاف مقدمات درج ہیں، مزید تفتیش جاری ہے، ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے، عوام الناس کو قیمتی اشیاء سے محروم کرنے والے ملزمان کیخلاف سخت کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں اپنے متعلقہ تھانہ یا ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" پر فوری رابطہ کریں۔

بقیہ 42

کا آغاز کیا۔ اس سلسلے میں ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے کہا کہ اسلام آباد پولیس نے سیف سٹی کیمروں، انسانی ذرائع اور جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے اندھے قتل کے اس مقدمے کو ٹریس کرتے ہوئے ملوث ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان میں ظاہر شاہ (سگا باپ)، اسد خان (سابقہ شوہر) اور پیر محمد (سسر) شامل ہیں۔

بقیہ 43

جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی سپرویژن میں زونل ایس پیز کی زیر نگرانی مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اور کومنگ آپریشن کیے گئے۔ سرچ آپریشن کے دوران 1180 افراد، 88 گھرانوں، 18 ہوٹلوں، 36 دکانیں، 138 موٹر سائیکلوں اور 66 گاڑیوں کو چیک کیا گیا، جبکہ جانچ پڑتال کیلئے 07 مشکوک افراد اور 11 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل بھی کیا گیا۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سکیورٹی کو موثر بنانا ہے، سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کیئے جا رہے ہیں۔ اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ شہریوں سے گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" پر فوری اطلاع دیں۔

بقیہ 44

حکام سے بچے کی فوری بازیابی کا پرزور مطالبہ کیا ہے۔ دوسری جانب ایم ایس ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال ڈاکٹر عامر اسرار نے اسپتال میں سیکیورٹی کی خامیوں کا اعتراف کرتے ہوئے بتایا کہ اسپتال میں سیکیورٹی کیلئے مخصوص اور تربیت یافتہ عملے کی شدید کمی ہے، اور فی الحال وارڈ بوائے ہی سیکیورٹی کے معاملات کی نگرانی کرتے ہیں۔ ایم ایس ڈاکٹر عامر کا مزید کہنا تھا کہ واقعے کے فوراً بعد پولیس کو اطلاع دے دی گئی تھی اور پولیس ٹیمیں معاملے کی ہر پہلو سے چھان بین کر رہی ہیں تاکہ بچے کا جلد از جلد سراغ لگایا جا سکے۔

بقیہ 45

18 سال عمر کے طلبہ اور نوجوان موٹر سائیکل اور اسکوٹی چلانے کے لیے قانونی طور پر جووینائل ڈرائیونگ پرمٹ حاصل کر سکیں گے۔ سٹی ٹریفک پولیس مری نے تمام طلبہ، والدین اور نوجوانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اس سہولت سے بھرپور فائدہ اٹھائیں اور مقررہ لائسنسنگ سنٹرز سے رابطہ کر کے اپنا جووینائل ڈرائیونگ پرمٹ حاصل کریں۔ ڈرائیونگ پرمٹ کا حصول نہ صرف ٹریفک قوانین کی پاسداری کو فروغ دے گا بلکہ نوجوانوں میں ذمہ دارانہ ڈرائیونگ کے رجحان کو بھی فروغ ملے گا۔ سٹی ٹریفک پولیس مری شہریوں کو مطلع کرتی ہے کہ بغیر پرمٹ یا لائسنس موٹر سائیکل چلانا قانونی خلاف ورزی ہے۔ عوام الناس خصوصاً نوجوان اپنی اور دوسروں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں اور قانونی تقاضے پورے کرتے ہوئے جووینائل ڈرائیونگ پرمٹ حاصل کریں۔

بقیہ 46

نظام، کچرے کی منتقلی، تلفی اور مستقبل میں ویسٹ ٹو ریسورس منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ حاصل کی۔ وفد نے سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے مختلف آپریشنز کا مشاہدہ کیا اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے ویسٹ مینجمنٹ کے شعبے میں تعاون میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا، چینی وفد نے مینجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی رانا ساجد صفدر اور سینئر منیجر آپریشنز ڈاکٹر حامد اقبال سے بھی ملاقات کی۔ ملاقات میں ویسٹ ری سائیکلنگ، ماحول دوست کچرا تلفی، سرمایہ کاری کے مواقع اور مستقبل میں باہمی تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا، وفد نے راولپنڈی میں صفائی کے نظام اور ویسٹ مینجمنٹ آپریشنز کو سراہتے ہوئے اس شعبے میں مشترکہ منصوبوں اور جدید ٹیکنالوجی کے فروغ کے لیے دلچسپی کا اظہار کیا۔

بقیہ 47

کیلئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلے میں اسلام آباد پولیس تھانہ سنبل، تھانہ ترنول، تھانہ انڈسٹریل ایریا، تھانہ سبزی منڈی، تھانہ نون اور تھانہ بنی گالہ پولیس ٹیموں نے منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث 14 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 1230 گرام چرس، 1325 گرام ہیروئن، 04 خنجر اور مختلف بور کے 07 عدد پستول معہ ایمونیشن برآمد کرلئے۔

بقیہ 48

فرائض منصبی کی انجام دہی پر مامور اسلام آباد پولیس کے جوانوں سے ملاقات کی، ان کی حوصلہ افزائی کی اور امن و امان کے قیام کو یقینی بنانے کیلئے اہم ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر سینئر پولیس افسران نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ تمام جوان فرائض کی ادائیگی کے دوران پیشہ ورانہ ذمہ داری، نظم و ضبط اور شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی کو ہر صورت یقینی بنائیں اور کسی بھی ایمرجنسی کی صورتحال سے نمٹنے کے لئے قانون کے مطابق ہر وقت تیار رہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کو متاثر کرنے کی کسی بھی کوشش کی ہرگز اجازت نہیں دے گی۔

بقیہ 49

1122 چکوال کے کمانڈ اینڈ کنٹرول روم نے فوری طور پر امدادی ٹیموں کو روانہ کر دیا۔ ریسکیو 1122 کی ایمبولینس اور فائر ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں جبکہ آگ کی شدت کے پیش نظر اضافی فائر وہیکل بھی روانہ کی گئی۔ گلیاں تنگ ہونے کی وجہ سے فائر وہیکل کو موقع تک رسائی میں مشکلات کا سامنا رہا، تاہم ریسکیو اہلکاروں نے پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے آگ پر قابو پانے کی کارروائی جاری رکھی۔ ریسکیو ٹیموں نے پہلے گھر کی بالائی منزل پر لگی آگ کو کنٹرول کیا اور بعد ازاں نچلی منزل پر پھیلنے والی آگ کو بھی مکمل طور پر بجھا دیا۔ کولنگ کا عمل مکمل کرنے کے بعد ریسکیو ٹیمیں واپس اسٹیشن روانہ ہو گئیں۔

بقیہ 50

مسروقہ رقم 16 ہزار روپے اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد ہوا۔ ایس پی پوٹھوہار سردار بابر ممتاز خان نے کہا کہ زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، شہریوں کو قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 51

کار لاتے ہوئے گرفتار کرلیا، زیر حراست شخص کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لئے ریڈ کئے جا رہے ہیں۔ ایس پی راول سعد ارشد نے کہا کہ زیر حراست شخص کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

بقیہ 52

استنبول چوک تک چلائی جائے گی، کینال روڈ پر درختوں کی کٹائی اور دیگر تکنیکی و ماحولیاتی پیچیدگیوں کے باعث روٹ میں تبدیلی کی گئی ہے۔ وزیر ٹرانسپورٹ پنجاب کے مطابق الیکٹرک ٹرام پہلی بار جولائی 2025 میں لاہور پہنچی تھی، جبکہ اگست 2025 میں اسے ٹیسٹ رن اور ایکسپو سینٹر میں نمائش کے لیے بھی پیش کیا گیا۔ ابتدائی طور پر ٹھوکر نیاز بیگ سے ہربنس پورہ تک 27 کلومیٹر طویل ٹریک پر پیلو لائن اور بعد ازاں ٹریک لیس ٹرام کی تجویز سامنے آئی تھی، اس کے علاوہ کلمہ چوک، لبرٹی، مین مارکیٹ، منی مارکیٹ اور حالی روڈ پر بھی ٹرام چلانے کا منصوبہ زیر غور تھا۔

بقیہ 53

اشتہاری قبل ازیں راولپنڈی اور چکوال میں ڈکیتی، اسلحہ ناجائز سمیت دیگر مقدمات میں ملوث و سزایافتہ ہے، ایس پی صدر انعم شیر نے کہا کہ زیر حراست اشتہاری کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ 54

کار بڑھا دیئے گئے ہیں۔ پی آر اے افسران کی ہفتہ اور اتوار کی چھٹیاں بھی منسوخ کر دی گئیں۔ چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا کی ہدایت پر نوٹیفکیشن جاری کیا گیا۔ 30 جون تک تمام دفاتر صبح 9:00 بجے سے رات 9:00 بجے تک توسیع شدہ اوقات کار کے تحت کام کریں۔ اوقات کار میں توسیع کے احکامات محصولات کی وصولیوں کو موثر بنانے کے لئے جاری کیے گئے۔

بقیہ 55

سکیورٹی میں معاونت کی، محرم الحرام کے دوران مجموعی طور پر 7000 سے زائد افسران و اہلکاروں نے سکیورٹی فرائض سرانجام دیئے۔ سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے کہا کہ جلوس کے انٹری پوائنٹس پر واک تھرو گیٹس لگائے گئے، جلوس/مجالس میں آنے والے شرکاء کو مکمل باڈی سرچ کے بعد ہی داخلے کی اجازت دی گئی، سیف سٹی و دیگر کیمروں سے بھی مانیٹرنگ کی گئی، جلوس کی سیکورٹی کیلئے روف ٹاپ پر ماہر نشانہ باز بھی تعینات رہے، جلوس کے آغاز سے قبل روٹ کی سرچنگ اور سویپنگ کی گئی، جلوس کے روٹ پر گلیوں، سڑکوں اور دیگر راستے سیل رہے۔

بقیہ 56

بتایا گیا کہ جلوس کے روٹس کی مرمت اور پیچ ورک کا کام مکمل کرنے کے ساتھ ساتھ اسٹریٹ لائٹس کی بحالی، بیک اپ جنریٹرز کا انتظام بھی کیا گیا ہے۔ عزاداروں کے لیے 7 مستقل اور ایک موبائل سبیل کو فعال اور شدید گرمی کے پیش نظر دو ریلیف کیمپ قائم کیے گئے ہیں۔ جلوس کے ساتھ موبائل واش روم کی سہولت بھی فراہم کی جائے گی۔ صوبائی وزیر لیبر محمد منشا اللہ بٹ نے فول پروف سکیورٹی یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ انتظامات بارے غفلت اور کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، محرم الحرام کے دوران قیام امن ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، عزاداروں کی سہولت اور امن و امان کے لئے تمام ادارے ذمہ داریاں پوری تندہی سے سرانجام دیں۔

بقیہ 57

مذاکرات اور سفارتکاری کی اہمیت پر زور دیا۔ ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان نے امن اور مکالمے کیلئے پاکستان کے مثبت کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایران پاکستان کے ساتھ سیاسی، اقتصادی اور سکیورٹی تعاون کو مزید وسعت دینا چاہتا ہے۔ ملاقات میں اقتصادی تعاون، رابطہ کاری اور علاقائی سلامتی سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلۂ خیال کیا گیا۔ صدر زرداری نے اسلام آباد میں طے پانے والی مفاہمتی یادداشت کا خیر مقدم کرتے ہوئے مستقل امن کی امید ظاہر کی، انہوں نے سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار بھی کیا۔ ایرانی صدر نے حالیہ مشکل حالات میں پاکستان کی حمایت اور تعاون پر شکریہ ادا کیا۔ دونوں رہنماؤں نے برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا جبکہ صدر زرداری نے مسلم اُمہ کے اتحاد اور خلیجی ممالک سے مضبوط تعلقات برقرار رکھنے کے عزم کا بھی اظہار کیا۔

کیری بولان میں ڈلیوری کیس، تین رکنی انکوائری کمیٹی قائم

غفلت کے الزامات پر ایم ایس ٹی ایچ کیو گوجرخان کا فوری ایکشن، متعلقہ ڈاکٹر اور نرسنگ اسٹاف کو شوکاز نوٹس جاری وضاحت طلب

گاڑی میں ڈلیوری کے واقعہ پر محکمہ صحت متحرک سی ای او ہیلتھ راولپنڈی نے حقائق جاننے کیلئے انکوائری کمیٹی قائم کردی، رپورٹ طلب

گوجرخان (قمر شہزاد) ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجرخان سے ریفر کی جانے والی زچہ کی روات کے قریب جی ٹی روڈ پر ایک کیری بولان میں ڈلیوری کے واقعہ کے بعد محکمہ صحت متحرک ہوگیا۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجرخان ڈاکٹر عمر فاروق مرزا نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ڈیوٹی پر موجود ویمن میڈیکل آفیسر ڈاکٹر سارونہ اسحاق اور چارج نرس حفصہ رسول کو مبینہ غفلت، ناقص مریض نگہداشت اور گائنی یونٹ سے غیر ضروری ریفرل کے الزام میں شوکاز نوٹس جاری کر دیا ہے۔ جاری نوٹس کے مطابق خاتون کو تشویشناک حالت (بقیہ نمبر 1)

راولپنڈی سی پی او سید خالد محمود ہمدانی اور ڈپٹی کمشنر حسن وقار چیمہ ماڈل بازار گوجرخان کا دورہ کر رہے ہیں

ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجرخان سے مریضہ ریفر کرنے کا معاملہ انکوائری مکمل

پری میچور ڈیلیوری اور این آئی سی یو کی عدم موجودگی پر قیمتی جان بچانے کے لیے ایس او پیز کے تحت راولپنڈی ریفر کیا گیا ڈاکٹر عمر فاروق مرزا

بے جا ریفرل پر زیرو ٹالرنس پالیسی، رات کو دو سی سیکشن بھی کیے، وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق عوام کی خدمت اولین ترجیح ہے ایم ایس ٹی ایچ کیو

گوجرخان (قمر شہزاد) تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجرخان سے گزشتہ رات ڈیلیوری کیس راولپنڈی ریفر کیے جانے کے معاملے پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عمر فاروق مرزا نے فوری انکوائری مکمل کر کے اصل حقائق میڈیا کے سامنے رکھ دیے۔ اپنے ایک خصوصی بیان میں ایم ایس ڈاکٹر عمر فاروق مرزا نے بتایا کہ گزشتہ رات تقریباً 11 بجے نگائل کی رہائشی ایک حاملہ مریضہ ہسپتال لائی گئی، جو گزشتہ 7 ماہ سے بڑکی روڈ پر واقع ایک نجی ہسپتال سے باقاعدہ معائنہ کروا رہی تھی۔ وائرل ویڈیو میں بھی لواحقین کا یہ موقف درست ثابت ہوا ہے (بقیہ نمبر 6)

لاہور، صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمٰن سہگل دیگر عہدیداران کے ہمراہ چیف کلیکٹر کسٹمز ایکسپورٹس محسن رفیق کو یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

3 منشیات سپلائر گرفتار، ساڑھے 3 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 3 منشیات سپلائر گرفتار کر کے ساڑھے 3 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق پیرودہائی پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کر کے 2 کلو 340 گرام چرس برآمد کی، کینٹ پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 1 کلو 240 گرام چرس برآمد کی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

ساتھیوں کے ہمراہ چاقو اور خنجر کے وار سے دو شہریوں کو زخمی کرنیوالا شخص گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) پیرودھائی پولیس نے ساتھیوں کے ہمراہ چاقو اور خنجر کے وار سے دو شہریوں کو زخمی کرنے والا شخص گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق پیرودھائی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دو ماہ قبل سابقہ رنجش پر ساتھیوں کے ہمراہ چاقو اور خنجر کے وار سے دو شہریوں کو زخمی کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا، زیر حراست گرفتاری سے بچنے کے لیے روپوش ہو گیا تھا، پیرودھائی پولیس نے ہیومن انٹیلیجنس سمیت تمام ذرائع بروئے (بقیہ نمبر 51)

ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث تین رکنی گینگ گرفتار

مسروقہ رقم 16 ہزار روپے اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ نصیر آباد پولیس نے ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث تین رکنی گینگ گرفتار کر کے مسروقہ رقم 16 ہزار روپے اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ نصیر آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث تین رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا، زیر حراست گینگ سے (بقیہ نمبر 50)

پہلی الیکٹرک ٹرام کا منصوبہ تاخیر کا شکار، روٹ میں پھر تبدیلی

نیا روٹ سی بی ڈی، گلبرگ، جیل روڈ، کینال روڈ سے استنبول چوک تک ہوگا

لاہور (این این آئی) لاہور کی پہلی الیکٹرک ٹرام کا منصوبہ تاخیر کا شکار ہوگیا، روٹ میں ایک بار پھر تبدیلی کردی گئی۔ شہر میں پہلی الیکٹرک ٹرام چلانے کا منصوبہ تاحال عملی شکل اختیار نہیں کر سکا، ٹرام کے روٹ میں ایک بار پھر تبدیلی کی گئی ہے، اب کینال روڈ کو منصوبے سے نکال دیا گیا ہے، نئے مجوزہ روٹ کے مطابق ٹرام سی بی ڈی، گلبرگ، جیل روڈ اور (بقیہ نمبر 52)

ڈگری، محرم الحرام کے دوران سکیورٹی کے سخت انتظامات

عزاداروں کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے گا، ڈی ایس پی نواز

ڈگری (رپورٹ محمد عاصم آرائیں) محرم الحرام کے دوران سکیورٹی کے سخت انتظامات، رینجرز اور پولیس کا امام بارگاہ باب العلم کا دورہ ڈگری محرم الحرام کے دوران امن و امان کی صورتحال برقرار رکھنے اور عزاداروں کو فول پروف سکیورٹی فراہم کرنے کے لیے رینجرز اور پولیس نے مشترکہ حکمت عملی وضع کر لی ہے۔ رینجرز کے ڈی ایس آر نواز نے رینجرز (بقیہ نمبر 4)

گرجاروڈ سے مرکزی جلوس سخت سکیورٹی میں پُرامن طور پر اختتام پذیر

عزاداروں کی سینہ کوبی اور زنجیر زنی، پولیس و متعلقہ اداروں کے خصوصی انتظامات

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) تھانہ دھمیال کے علاقے گرجاروڈ سے سات محرم الحرام کا مرکزی جلوس گزشتہ روز حسب روایت مذہبی عقیدت و احترام کے ساتھ برآمد ہوا۔ مختلف علاقوں اور گلیوں سے علم اور ذوالجناح کے جلوس مرکزی جلوس میں شامل ہوتے رہے جبکہ عزاداروں کی بڑی تعداد جلوس میں شریک رہی۔ جلوس اپنے مقررہ راستوں سے (بقیہ نمبر 5)

راولپنڈی سی پی او سید خالد محمود ہمدانی گوجرخان میں 10 محرم الحرام کے جلوس کے روٹ کا دورہ اور سکیورٹی و دیگر انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

کیس کی ناقص تفتیش پر ڈی پی او شیخوپورہ لاہور ہائیکورٹ طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے لڑائی جھگڑے کے مقدمے میں مبینہ ناقص تفتیش پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ڈی پی او شیخوپورہ کو 29 جون کو ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس محمد طارق ندیم نے لڑائی جھگڑے کے مقدمے میں نامزد ملزم کی عبوری درخواست ضمانت پر سماعت کی۔ دوران سماعت تفتیشی افسر عدالت (بقیہ نمبر 36)

سرائیں چوک تاروال 36 کلومیٹر روڈ منصوبے پر عملی کام کا آغاز

علاقہ جھنگڑ کی عوام کا معیاری تعمیرات شفافیت اور سخت نگرانی یقینی بنانے کا مطالبہ

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد) تحصیل چوآ سیدن شاہ کے علاقہ جھنگڑ میں سرائے چوک تاروال 36 کلومیٹر سڑک کے تعطل کا شکار ترقیاتی منصوبے پر دوبارہ عملی پیش رفت شروع ہوگئی ہے اور کارپٹنگ کے کام کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ منصوبے کی بحالی پر اہل علاقہ نے خوشی اور اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اسے علاقے کی دیرینہ ضرورت قرار دیا۔ اس موقع پر (بقیہ نمبر 35)

لاہور: خاتون رکن پنجاب اسمبلی، بجٹ اجلاس میں شرکت کے لئے آ رہی ہیں

آئندہ مالی سال کیلئے مانیٹری پالیسی اجلاسوں کا سالانہ شیڈول جاری

لاہور (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے مالی سال 2026-27 کیلئے زری پالیسی کمیٹی کے اجلاسوں کا سالانہ شیڈول جاری کر دیا۔ مالی سال میں مانیٹری پالیسی کمیٹی کے 8 اجلاس منعقد ہوں گے۔ پہلا اجلاس 27 جولائی، دوسرا 14 ستمبر، تیسرا 26 اکتوبر، چوتھا 14 دسمبر، پانچواں 25 جنوری، چھٹا 8 مارچ، ساتواں 26 اپریل جبکہ مالی سال کا آخری اور آٹھواں اجلاس 17 جون کو منعقد ہوگا۔ جولائی، اکتوبر، (بقیہ نمبر 37)

ایس ایس پی آپریشنز کا شہر بھر کے مختلف علاقوں کا دورہ

قانون کی بالادستی اور امن و امان کا قیام اولین ذمہ داری ہے

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز، ایس ایس پی انویسٹیگیشن اور دیگر افسران نے شہر بھر کے مختلف علاقوں کا دورہ کر کے محرم الحرام کے حوالے سے سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور ہدایات دیں۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی (بقیہ نمبر 38)

مختلف محکموں کے افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری

لاہور (اے ایف پی) پنجاب حکومت نے مختلف محکموں کے افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے۔ ایس اینڈ جی اے ڈی کے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق کنول صابر ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ میں ڈپٹی سیکرٹری تعینات کر دی گئیں۔ احمد ایاز کو پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ میں اسسٹنٹ چیف مقرر کرنے کا فیصلہ کیا گیا، ہمیرا ربانی کو مزید (بقیہ نمبر 40)

پولیس افسران، اہلکاروں کے الاؤنسز کیلئے 99 ارب سے زائد فنڈز مختص

فکسڈ ڈیلی الاؤنس کیلئے 18 ارب، ہاؤسنگ رینٹ کیلئے 5 ارب سے زائد مختص

لاہور (این این آئی) پولیس افسران اور اہلکاروں کے مختلف الاؤنسز کی مد میں مجموعی طور پر 99 ارب 82 کروڑ 48 لاکھ 61 ہزار روپے مختص کیے گئے ہیں۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے کہا ہے کہ فکسڈ ڈیلی الاؤنس کے لیے 18 ارب 10 کروڑ 18 لاکھ 30 ہزار جبکہ ایلیٹ فورس الاؤنس کی مد میں 7 کروڑ 47 لاکھ 26 ہزار روپے (بقیہ نمبر 39)

محرم الحرام میں کسی قسم کی کوتاہی ناقابل معافی تصور ہوگی

عشرہ محرم الحرام کے دوران تمام جلوسوں اور مجالس کے پرامن انعقاد کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر حسن وقار چیمہ کا سی پی او راولپنڈی سید خالد ہمدانی کے ہمراہ مرکزی جلوس عاشور کے روٹ کا دورہ

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی ڈاکٹر حسن وقار چیمہ نے سٹی پولیس آفیسر (سی پی او) راولپنڈی سید خالد ہمدانی کے ہمراہ دس محرم الحرام کے مرکزی جلوس کے روٹ اور جامعہ دارالعلوم تعلیم القرآن کا دورہ کیا۔ اس موقع پر محرم الحرام کے انتظامات، سکیورٹی اقدامات، صفائی ستھرائی، ٹریفک مینجمنٹ، روشنی کے انتظامات اور دیگر سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر اور سی پی او نے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ جلوس کے شرکاء کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے (بقیہ نمبر 7)

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سی ایس ایس امتحانات میں نمایاں پوزیشن کی حامل بلوچستان کی ہونہار طالبہ ماہ نور بلوچ کو سوینئر دے رہے ہیں

نوجوانوں کیلئے جووینائل ڈرائیونگ پرمٹ کا اجراء

سٹی ٹریفک پولیس مری نے بھی جووینائل ڈرائیونگ پرمٹ کے اجراء کا آغاز کر دیا

مقررہ لائسنسنگ سنٹرز سے رابطہ کر کے اپنا جووینائل ڈرائیونگ پرمٹ حاصل کریں

بغیر پرمٹ یا لائسنس موٹر سائیکل چلانا قانونی خلاف ورزی ہے، ترجمان

راولپنڈی (این ای این) حکومتِ پنجاب کی جانب سے نوجوانوں کو محفوظ، ذمہ دار اور قانونی ڈرائیونگ کی سہولت فراہم کرنے کے لیے ایک اہم اقدام کے تحت 16 سے 18 سال عمر کے نوجوانوں کے لیے جووینائل (Juvenile) ڈرائیونگ پرمٹ کے اجراء کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب کے احکامات اور ہدایات پر عملدرآمد کرتے ہوئے چیف ٹریفک آفیسر مری منیر احمد ہاشمی کی نگرانی میں سٹی ٹریفک پولیس مری نے بھی جووینائل ڈرائیونگ پرمٹ کے اجراء کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے۔ اس سہولت کے تحت 16 سے (بقیہ نمبر 45)

چینی کمپنی کے وفد کا آر ڈبلیو ایم سی کے ہیڈ آفس کا دورہ

دورے کے دوران چینی وفد نے صفائی ستھرائی کے نظام کا جائزہ لیا

راولپنڈی (این ای این) چین کی معروف کمپنی Qiaoyin City Management Company کے وائس پریذیڈنٹ مارک وان اپنی ٹیم کے ہمراہ راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی (RWMC) کے ہیڈ آفس، ٹرانسفر اسٹیشن اور ڈمپ سائٹ کا دورہ کیا۔ اس دورے کا مقصد راولپنڈی میں ویسٹ ری سائیکلنگ اور جدید ویسٹ ڈسپوزل منصوبوں کے امکانات کا جائزہ لینا تھا، دورے کے دوران چینی وفد نے صفائی ستھرائی کے (بقیہ نمبر 46)

راولپنڈی سی پی او سید خالد محمود ہمدانی اور ڈپٹی کمشنر حسن وقار چیمہ تحصیل ہیڈ کوارٹرز ہسپتال کا دورہ اور ہسپتال میں سکیورٹی دیگر انتظامات و سہولیات کا جائزہ لے رہے ہیں

پنجاب ریونیو اتھارٹی کے اوقات کار میں اضافہ، چھٹیاں منسوخ

اوقات کار میں اضافہ محصولات کی وصولیوں کو موثر بنانے کیلئے جاری کیے گئے

لاہور (این این آئی) محصولات کے اہداف کی تکمیل کیلئے پنجاب ریونیو اتھارٹی کے اوقات کار میں اضافہ کر دیا گیا جبکہ چھٹیاں بھی منسوخ کردی گئیں۔ ترجمان پی آر اے کے مطابق پنجاب ریونیو اتھارٹی کے افسران کے دفاتر بشمول ہیڈکوارٹر کے اوقات (بقیہ نمبر 54)

راولپنڈی، قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ جاتلی پولیس نے قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ جاتلی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا، زیر حراست اشتہاری نے ذاتی رنجش پر فائرنگ کر کے شہری کو قتل کر دیا تھا، اشتہاری مئی 2024 سے پولیس کو مطلوب تھا، جاتلی پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کر لیا، زیر حراست (بقیہ نمبر 53)

سات محرم الحرام، مرکزی جلوس کیلئے راولپنڈی پولیس کے سیکورٹی انتظامات

3500 سے زائد افسران و اہلکار نے سیکورٹی و ٹریفک فرائض سرانجام دیئے

راولپنڈی (این این آئی) سات محرم الحرام کے مرکزی جلوس کیلئے راولپنڈی پولیس کی جانب سے سیکورٹی انتظامات کئے گئے، 3500 سے زائد افسران و اہلکار نے سیکورٹی و ٹریفک فرائض سرانجام دیئے۔ تفصیلات کے مطابق سات محرم الحرام کے مرکزی جلوس کے لیے راولپنڈی پولیس نے سیکورٹی انتظامات کئے، 3500 سے زائد افسران و اہلکار نے سیکورٹی و ٹریفک فرائض سرانجام دیئے، 1000 سے زائد رضا کاروں نے بھی (بقیہ نمبر 55)

راولپنڈی، شدید گرمی میں شہری گنے کا رس پی رہے ہیں

صوبائی وزیر منشاء اللہ بٹ کا سیالکوٹ میں مرکزی امام بارگاہوں کا دورہ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر لیبر و افرادی قوت محمد منشاء اللہ بٹ نے سیالکوٹ کا دورہ کیا اور محرم الحرام کے سلسلے میں مرکزی امام بارگاہوں کا دورہ کیا۔ انہوں نے انتظامات اور سکیورٹی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر صباء اصغر علی نے صوبائی وزیر کو انتظامات بارے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ 10 محرم کے مرکزی جلوسوں کے انتظامات مکمل ہیں اور ڈسٹرکٹ ایمرجنسی کنٹرول روم 24 گھنٹے کے لئے فعال کیا گیا ہے۔ بریفنگ میں (بقیہ نمبر 56)

راولپنڈی سی پی او سید خالد محمود ہمدانی اور ڈپٹی کمشنر حسن وقار چیمہ مرکزی امام بارگاہ امامیہ گوجرخان کا دورہ کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی اور سی ای او کا گوجرخان کا اہم دورہ

میونسپل شاپنگ سنٹر کی جلد تکمیل کی ہدایات وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق عوام کو ریلیف فراہم کرنا اولین ترجیح ہے، ڈی سی راولپنڈی

تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں انتظامیہ کی کارکردگی کو سراہا، غفلت اور لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی حسن وقار چیمہ

گوجرخان (قمر شہزاد) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی ڈاکٹر حسن وقار چیمہ اور سی پی او راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی نے گوجرخان کا ایک اہم اور تفصیلی دورہ کیا، جس کے دوران انہوں نے شہر میں جاری اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبوں کی پیشرفت اور عوامی خدمات کی فراہمی کا باریک بینی سے معائنہ کیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان خضر ظہور احمد گورائیہ، اے ایس پی سید دانیال حسن، چیف آفیسر بلدیہ (بقیہ نمبر 2)

3 اشتہاریوں سمیت 17 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج، مزید تفتیش جاری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث 3 اشتہاریوں سمیت 17 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے (بقیہ نمبر 47)

16 سالہ لڑکے سے زیادتی کرنے والے تین ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) نصیر آباد پولیس نے 16 سالہ لڑکے سے زیادتی کرنے والے تین ملزمان گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 16 سالہ لڑکے سے زیادتی کرنے والے تین ملزمان کو گرفتار کر لیا، مدعی مقدمہ کے مطابق زیر حراست افراد نے اس کے بیٹے کو بہلا پھسلا کر ویران جگہ لیجا کر زیادتی کی، نصیر آباد پولیس نے واقعہ کا مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا۔

موٹر سائیکل چوری میں ملوث منظم گروہ کے دو ارکان گرفتار

6 مسروقہ موٹر سائیکل اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس تھانہ سہالہ نے موٹر سائیکل چوری میں ملوث منظم گروہ کے دو ارکان گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کے 6 مسروقہ موٹر سائیکل اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر اور موٹر سائیکل چوری (بقیہ نمبر 41)

خاتون کے اندھے قتل کا معمہ حل، سگا باپ، سابقہ شوہر اور سسر گرفتار

مورخہ 20 مئی 2026 کو مسماۃ بشریٰ کی پراسرار موت کا واقعہ پیش آیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس تھانہ بنی گالا نے خاتون کے اندھے قتل کا معمہ حل کر دیا، قتل میں ملوث سگا باپ، سابقہ شوہر اور سسر کو گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق مورخہ 20 مئی 2026 کو مسماۃ بشریٰ کی پراسرار موت کا واقعہ پیش آیا تھا جسے ابتدائی طور پر بجلی کا کرنٹ لگنے کا حادثہ ظاہر کیا گیا اور متوفیہ کی فوری تدفین بھی کر دی گئی۔ تاہم واقعہ کے مشکوک پہلوؤں کے پیش نظر تھانہ بنی گالا پولیس نے جدید خطوط پر تفتیش (بقیہ نمبر 42)

لاہور: ڈپٹی اسپیکر ملک ظہیر اقبال چنڑ، بجٹ اجلاس میں شرکت کے لئے پنجاب اسمبلی آ رہے ہیں

6 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 6 ملزمان گرفتار کر کے شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 6 ملزمان کو گرفتار کر کے 25 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ نصیر آباد، نیوٹاؤن، واہ کینٹ، وارث خان اور چکلالہ کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

اسلام آباد پولیس کا گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشن

جانچ پڑتال کیلئے 7 مشکوک افراد، 11 موٹر سائیکل تھانے منتقل کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشن کے دوران جانچ پڑتال کیلئے 7 مشکوک افراد اور 11 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل کیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور (بقیہ نمبر 43)

ساتویں محرم کمشنر راولپنڈی اور آر پی او کا چکوال کا دورہ

سکیورٹی اینڈ ویجی لینس، ہیلتھ کیمپ، سبیلو، صفائی کے انتظامات سمیت میونسپل سروسز اور انتظامی نوعیت کے دیگر امور کا جائزہ لیا

امام بارگاہ کی مکمل سکیورٹی کے انتظامات، جلوس کے اختتام تک کڑی نگرانی رکھنے اور ایس او پیز کی مکمل عملداری یقینی بنانے کی ہدایت کی

راولپنڈی (این ای این) کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک اور ریجنل پولیس آفیسر (آر پی او) راولپنڈی بابر سرفراز الپا نے ساتویں محرم کے مرکزی جلوس کے موقع پر چکوال کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر سارہ حیات اور ڈی پی او کاشف ذوالفقار کے ہمراہ شہر میں ساتویں محرم کے مرکزی جلوس کے موقع پر روٹ کا معائنہ کر کے سکیورٹی اینڈ ویجیلینس، ہیلتھ کیمپ، سبیلو صفائی کے انتظامات سمیت میونسپل سروسز اور انتظامی نوعیت کے دیگر امور کا جائزہ لیا۔ کمشنر انجینئر عامر خٹک اور آر پی او بابر سرفراز الپا (بقیہ نمبر 8)

دنیا بھر میں بیوہ خواتین کا عالمی دن منایا گیا

سرکاری امداد کا دائرہ وسیع، استفادہ کرنے کا طریقہ آسان بنانے کا مطالبہ

لاہور (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں گزشتہ روز بیوہ خواتین کا عالمی دن منایا گیا۔ اس موقع پر سماجی ماہرین نے حکومت پاکستان اور حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ بیوہ خواتین کی فلاح و بہبود کے لیے نہ صرف پہلے سے موجود سرکاری خدمات اور فلاحی معاونت کا دائرہ وسیع کیا جائے بلکہ ان خدمات سے استفادہ کرنے کے عمل کو بھی آسان بنایا جائے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ طویل اور پیچیدہ پروسیجرز مجبور خواتین کے لیے ریلیف کے بجائے زحمت بن جاتے ہیں۔ ان پیچیدگیوں کو دور کرنے اور ایک مجبور بیوہ خاتون کو بغیر کسی خواری کے اس کا حق دلانے کے لیے سماجی ماہرین نے پانچ اصلاحات کا مطالبہ کیا ہے۔

اسلام آباد پولیس کے سینئر افسران کا شہر کے مختلف مقامات کا دورہ

شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنے کیلئے خصوصی احکامات جاری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس کے سینئر افسران نے شہر کے مختلف مقامات کا دورہ کر کے ڈیوٹی پر مامور جوانوں سے ملاقات کی، انکی حوصلہ افزائی کی اور امن و امان کے قیام کو یقینی بنانے سمیت فرائض کی ادائیگی میں پیشہ ورانہ ذمہ داری، نظم و ضبط اور شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنے کیلئے خصوصی احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کے سینئر افسران نے شہر کے مختلف ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ کیا۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 48)

تلہ گنگ، شارٹ سرکٹ کے باعث گھر میں آگ بھڑک اٹھی

ریسکیو 1122 نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے آگ پر قابو پالیا

تلہ گنگ (این این آئی) تلہ گنگ چکوال روڈ واقع دھرابی گاؤں میں شارٹ سرکٹ کے باعث گھر میں آگ بھڑک اٹھی، لاکھوں روپے مالیت کا سامان جل گیا، ریسکیو 1122 نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے آگ پر قابو پا لیا۔ تفصیلات کے مطابق تلہ گنگ کے نواحی علاقے دھرابی گاؤں، تلہ گنگ روڈ پر واقع ایک دو منزلہ رہائشی گھر میں پنکھے میں شارٹ سرکٹ ہونے کے باعث آگ لگ گئی۔ اطلاع موصول ہوتے ہی ریسکیو (بقیہ نمبر 49)

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کا باڑیاں بازار کا تفصیلی دورہ

بازار میں تجاوزات، ٹریفک کی روانی میں رکاوٹوں اور دیگر شہری مسائل کے مستقل حل کے لیے مربوط اقدامات کیے جائیں

باڑیاں بازار کی خوبصورتی اور شہری سہولیات میں بہتری کے لیے اقدامات تیز کرنے کی ہدایت، ڈی سی مری

روالپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے باڑیاں بازار کا تفصیلی دورہ کیا اور وہاں جاری بیوٹیفکیشن، صفائی ستھرائی اور شہری سہولیات کی بہتری کے منصوبوں کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے بازار کی مجموعی صورتحال کا معائنہ کرتے ہوئے سڑکوں، فٹ پاتھوں، نکاسی آب کے انتظامات، صفائی کے معیار، سائن بورڈز، عوامی سہولیات اور تزئین و آرائش کے جاری کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے مختلف مقامات کا دورہ کر کے متعلقہ افسران سے جاری منصوبوں کی پیش رفت، معیار اور تکمیل کے شیڈول کے (بقیہ نمبر 3)

ویمن اینڈ چلڈرن اسپتال کی نرسری سے 17 دن کا بچہ لاپتہ ہوگیا

ایبٹ آباد (اے ایف پی) ویمن اینڈ چلڈرن اسپتال کی نرسری سے 17 دن کا نوزائیدہ بچہ پراسرار طور پر لاپتہ ہوگیا، جس کے بعد متاثرہ خاندان شدید تشویش اور صدمے کا شکار ہے۔ بچے کے والد سراج خان کے مطابق یہ واقعہ صبح 7 سے 8 بجے کے درمیان پیش آیا۔ اہلخانہ کا کہنا ہے کہ اسپتال میں سیکیورٹی کے ناقص اور غیر تسلی بخش انتظامات اس سنگین واقعے کی سب سے بڑی وجہ ہیں۔ متاثرہ خاندان نے اسپتال انتظامیہ اور اعلیٰ (بقیہ نمبر 44)

نارووال: آزاد جموں و کشمیر اسمبلی کے انتخابات کے لیے جماعت اسلامی کے امیدوار صوفی محمد اقبال ایل اے 37 کی نشست پر کاغذات نامزدگی جمع کرا رہے ہیں

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035